انجمن مؤید الاسلام دہلی

کی

سالانہ رپورٹ

بابت سال دوم سنہ ۱۳۱۱ھ باجازت انجمن

انصاری پریس دہلی میں بکمال خوبی چھپی اور شائع ہوئی سنہ ۱۸۹۴ء

روداد جلسہ سالانہ انجمن مؤید الاسلام

دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ کہ بتاریخ بست و دوم ماہ صفر المظفر سنہ ۱۳۱۲ ہجری بعد نماز جمعہ بمکان یتیم خانہ انجمن جلسہ سالانہ انجمن مؤید الاسلام دہلی منعقد ہوا۔ لوگوں کی نشست کے لیئے فرش کا معقول انتظام سادگی کے ساتھ کیا گیا تھا۔ اور ہر ایک امر میں اسباب کا خیال رکھا گیا تھا کہ پرانے اسلامی طریقہ کے خلاف کوئی جدت امر اس جلسہ میں نہو۔ صدر دالان میں گاؤ تکیے لگائے گئے تھے۔ اور صدر انجمن صاحب کی نشست کی جگہ ایک جانماز دری بچھائی گئی تھی۔ ایک چھوٹی سی چوکی جس پر سفید کپڑا ڈالا گیا تھا۔ صدر انجمن صاحب کے آگے لگائی گئی تھی۔ اور ایک ٹائم پیس وقت کے معلوم کرنیکے لیئے اسپر رکھا گیا تھا۔ پیش صدر دالان ایک شامیانہ کھینچا گیا تھا۔ اندرونی کمرہ سے لیکر صحن چبوترے تک تا بحد شامیانہ دری اور چاندنی کا فرش کیا گیا تھا۔ ممبران کارکن نے اپنی طرف سے برف اور دوسرا سامان مہیا کیا تھا۔ جو صاحب جلسہ میں تشریف لائے۔ انکا استقبال ممبران کارکن نے شائستہ طور پر کیا۔ پونے دو بجے سے آدمی جمع ہونے شروع ہوئے۔ اور چار بجے تک برابر آتے رہے۔ تقریبًا چار سو اصحاب جنمیں ممبران انجمن و رؤسا و علما شامل تھے۔ اس جلسہ مبارک میں شریک ہوئے۔ چونکہ تمام حاضرین جلسہ کے نام لکھنے طوالت سے خالی نہیں۔ اسلیئے چند صاحبوں کے اسمائے گرامی ذیل میں درج کیئے جاتے ہیں ۔

صاحبان ذیل شامل جلسہ تھے

جناب سید محمد صاحب امام جامع مسجد دہلی

جناب مولوی ابو محمد عبد الحق صاحب مصنف تفسیر حقانی

جناب نواب شرف الدین احمد خاں صاحب

جناب حافظ عزیز الدین صاحب وکیل

جناب ڈپٹی محمد فخر الدین صاحب

جناب مولوی محمد احسان الدین خاں صاحب

جناب شیخ محمد اسحاق صاحب برادر شیخ محمد حسن صاحب

مرحوم بزرگ خاندان شیخ احمد صاحب پانی والے

ڈاکٹر محمد اسمعیل صاحب ذبیح

محمد ابو الحسن خاں صاحب

جناب مولوی حفیظ اللہ خاں صاحب

جناب نواب احمد سعید خاں صاحب رئیس لُہارو۔

جناب نواب چھوٹے مرزا صاحب۔

جناب مولوی عبد الرحمن صاحب راسخ

جناب خان بہادر شمس العلماء منشی محمد ذکاء اللہ خاں صاحب۔

جناب حکیم قاسم علی خاں صاحب

سید وحید الدین احمد صاحب بیخود

شیخ مظفر حسین صاحب

سید محمد شاہ صاحب

اور جملہ ممبران کارکن حاضر جلسہ تھے دو بجے کے قریب جلسہ کا کام شروع ہوا۔ چونکہ یہ ایک اسلامی جلسہ تھا اسواسطے بالاتفاق سب صاحبوں کی رضامندی سے جناب سید محمد صاحب امام جامع مسجد دہلی صدر انجمن بنائے گئے۔ اسکے بعد اس مبارک جلسہ کی ابتداء ایک عربی نظم سے کی گئی جسے انجمن کے ایک ہمدرد نے نعت حضرت سرور انبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں لکھا تھا۔ یہ نظم عربی لہجہ میں ایک خوش آواز طالب علم نے پڑھی جس سے سامعین نہایت محظوظ ہوئے۔ اسکے بعد شیخ محمد اسمعیل صاحب ناظم انجمن کھڑے ہوئے۔ اور تمام علاقے جنہیں ممبران کارکن کام کرتے ہیں مفصل اور واقعی حالات بیان کیے۔ پھر مولوی محمد حسین صاحب ممبر کارکن اور منتظم مدرسہ نسوان کھڑے ہوئے اور ایک طویل مضمون پڑھا جسمیں اُنھوں نے مدرسہ نسوان اور اپنے علاقہ کے حالات بالبسط کے ساتھ قلمبند کیے تھے۔ بیان مؤثر اور جوش دلانے والا تھا۔ اور حاضرین جلسہ یہ بات کو سنکر تو نہایت ہی خوش ہوئے کہ جناب حاجی عبد الغنی صاحب خلف جناب حاجی قطب الدین صاحب مرحوم ممبر کارکن

انجمن و مہتمم یتیمخانہ نے بہ کمال ہمدردی اسلامی اپنا مدرسہ فیض عام انجمن کو عطا فرمایا۔ اور تمام خرچ مدرسہ کا اپنے ذمہ لیا۔ حاضرین جلسہ نے حاجی صاحب کی اس فیاضی پر تحسین و آفرین کی۔ اور انکو دعائے خیر و برکت دی اسکے بعد منشی محمد کرم اللہ خاں صاحب مہتمم یتیمخانہ نے یتیمخانہ کی کیفیت سُنائی۔ یہ رپورٹ مفصل اور تسکین بخش تھی۔ اسے سامعین نے بڑی غور سے سُنا۔ پھر خان بہادر ڈپٹی محمد الٰہی بخش خان صاحب سکرٹری انجمن کھڑے ہوئے اور ایک عام رپورٹ جو انجمن کی سال بھر کی کارگذاری حاوی تھی پڑھی۔ یوں تو سارے مسلمانوں کو ایسی رپورٹ کے ایک ایک حرف کے ساتھ دلبستگی چاہیئے جسمیں ایسی بابرکت انجمن کے مفید عام کاموں کا ذکر ہو لیکن اس رپورٹ کے بعض حصے نہایت ہی دلچسپ تھے۔ حاضرین جلسہ نے جسوقت جناب حاجی شیخ محمد حسن صاحب مرحوم بزرگ خاندان شیخ احمد صاحب مرحوم مائی والے کی پچاس روپیہ ماہوار کی جائداد انجمن کے نام وقف کرنے کا حال سُنا تو نہایت ہی خوش ہوئے۔ اور اُن کی مردانہ سخاوت کی داد دی۔ اور اُنکے واسطے دعائے مغفرت کی اور حاجی نور بخش صاحب کے پانچہزار روپیہ کا مکان یتیمخانہ کے واسطے عطا فرمانے کا ذکر سُنکر حاضرین نہایت ہی مسرور ہوئے۔ اور مسلمانوں کے مختلف طریقوں سے انجمن کی امداد کرنیکے حالات سنکر حاضرین کے دلوں میں جوش ہمدردی اسلامی زیادہ ہوتا تھا۔ بہرحال ساری رپورٹ مسرت بخش اور ہمت بڑھانے والی تھی۔ سکرٹری صاحب نے رپورٹ کے آخر میں گوشوارہ حساب آمد و خرچ انجمن جو بکمال خوبی و خوش اسلوبی مرتب کیا گیا تھا پڑھکر سُنایا۔ جملہ حاضرین نے سکرٹری صاحب کی حُسن کارگزاری اور اعلیٰ درجے کی لیاقت حساب دانی کا دل سے اعتراف کیا۔ پھر جناب مولوی ابو محمد عبدالحق صاحب مصنف تفسیر حقانی کھڑے ہوئے اور نہایت عمدہ تقریر فرمائی۔ جس سے سامعین بہت ہی محظوظ ہوئے۔ مولٰنا کا فصیح و بلیغ بیان نہایت ضروری اور بکار آمد باتوں سے تعلق رکھتا تھا۔ باوجود اسکے مولوی صاحب ممدوح نے ان مطالب کو بکمال بے تکلفی و برجستگی ادا فرمایا۔ مولٰنا نے تقریباً نصف گھنٹہ تک تقریر فرمائی بعد مولوی صاحب کے جناب منشی محمد کرم اللہ خاں صاحب کھڑے ہوئے اور صدر انجمن صاحب کی خدمت میں عرض کیا کہ گو میں کوئی شاعر نہیں ہوں لیکن یتیم بچوں کی دردناک حالت کے خیال نے مجھے ایسا بے چین اور از خود رفتہ کر دیا کہ بے ساختہ یہ چند اشعار موزوں ہو گئے۔ پس میں اپنی اس ٹوٹی پھوٹی نظم کو حاضرین جلسہ کے

حضور میں پڑھنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ اس مختصر تقریر کے بعد خانصاحب ممدوح نے ایک غزل پڑھی جسکے
ہر ایک لفظ سے غیرت اسلامی و ہمدردی قومی کا جوش ٹپکتا تھا۔ جب یہ دلوں کو نرم کرنیوالی نظم تمام ہوئی تو جناب
سید احمد صاحب امام جامع مسجد دہلی نے ایک اردو قصیدہ جو ایک درد خواہ انجمن نے لکھا تھا۔ پڑھا۔ گو اسکی
زبان سادہ اور بیان تکلفات شاعری سے مبرا تھا۔ مگر اسکا سوز و گداز دلوں کو نرم کیئے دیتا تھا۔ اسکے بعد ڈاکٹر
محمد اسمٰعیل صاحب فی پیج نے ایک مثنوی پڑھی جسکی زبان سلیس اور طریقہ ادا سے مطالب پسندیدہ تھا۔ ما بعد
سید وحید الدین احمد صاحب بیخود کھڑے ہوئے اور مختصر تقریر کے بعد ایک ترکیب بند جو اپنے نشست الفاظ
خوبی معانی۔ بندش مضامین کیوجہ سے سامعین کے دلوں میں جوش پیدا کرتا تھا۔ نہایت بلند آواز سے پڑھا
فی الحقیقت سید صاحب نے مقاصد انجمن کو اپنی نظم میں بہت خوبی سے ادا کیا۔ جب بیخود صاحب
اپنا ترکیب بند ختم کر چکے تو جناب مولوی عبد الرحمن صاحب راسخ نے ایک ترکیب بند جو عجالۃ الوقت لکھا
تھا۔ پڑھا۔ یہ ترکیب بند اُن سب نظموں سے جو اس جلسے میں پڑھی گئیں سبقت لیگیا۔ الفاظ کی متانت۔ زبان
کی سلاست۔ مضامین کی کثرت۔ معانی کی جودت۔ غرض کون سی ایسی چیز تھی۔ جو مولوی صاحب کی
نظم میں نہیں پائی جاتی تھی۔ راسخ صاحب نے اس ترکیب بند کو ایسی خوبی کے ساتھ پڑھا کہ سامعین کے منہ سے
بے اختیار جوش انگیز صدائے تحسین بلند ہونے لگی یہاں تک کہ بعض بندوں کو مکرر پڑھوایا گیا۔ یہ ترکیب بند
باوجود ان خوبیوں کے بہت سے بندوں پر مشتمل تھا۔ مولوی صاحب نے جب نظم ختم کی۔ تو بہت سے اشخاص ہنوز گوش بر آواز
تھے۔ راسخ صاحب کے بعد ایک پنجابی ہندو صاحب کھڑے ہوئے۔ اور صدر انجمن صاحب سے کچھ کہنے کی
اجازت چاہی۔ اجازت ملنے کے بعد وہ مقرروں کی جگہ آ کر کھڑے ہوئے۔ اور جوش لانے والے لہجہ میں چند
اشعار پڑھے۔ جنکا مطلب یہ تھا کہ "اے مسلمانوں ہ تمنے جو کام کیا ہے۔ اُسے استقلال و ہمت کے ساتھ کیئے
جاؤ۔ ایسا نہ کرنا کہ کسی کام کو شروع کرکے ادھورا چھوڑدو۔" اُنھوں نے یہ اشعار ایسے موقع پر پڑھے کہ اُن کا اثر
حاضرین جلسہ پہ ایک عرصہ تک رہا۔ اسکے بعد قرآن شریف کا ایک رکوع عربی لہجہ میں پڑھا گیا۔ اور
فاتحہ الخیر اور شکریہ صدر انجمن کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔ بروقت مشایعت چند ممبران کارکن نے بعد ازاں بہت
جناب مولوی حفیظ اللہ خان صاحب اس پیرانہ سالی و ضعیفی میں قدم رنجہ فرمانے اور شریک جلسہ اسلامی ہونے

دلی احسانمندی عرض کی۔ اور مولوی صاحب کی اس ہمدردی قومی کا کہ آپ مجلس وعظ میں امداد یتامی اور اعانت انجمن کے لیئے عام مسلمانوں کو ہدایت فرماتے ہیں خلوص کے ساتھ شکریہ ادا کیا۔ اب وہ رپورٹیں اور تقریریں اور نظمیں سلسلہ وار جسطرح کہ وقت جلسہ پڑھی گئی تھیں نقل کیجاتی ہیں سب کے آخر میں سال بھر کا مفصل حساب وصول چندہ ہموار نہایت صحت و اہتمام کے ساتھ لکھا جائے گا فقط

قصیدۂ نعتیہ بزبان عربی من فکر یکے از ممبران کارکن انجمن ہذا

یَا مَنْ حَسُنَتْ لَهُ الْخَصَائِلْ　　قَدْ أَخْبَرَنَا بِكَ الْأَوَائِلْ
اے وہ شخص کہ جس کی تمام خصلتیں اچھی ہیں　　ہمیں تحقیق اگلے لوگوں نے تیری خبر دی

مِنْ لُطْفِكَ طَابَتِ الْبَرَايَا　　مِنْ نُصْحِكَ فَرَّتِ الْأَبَاطِلْ
تیرے لطف سے تمام آدمی خوشحال ہوئے　　اور تیری نصیحت سے بری اور جھوٹی باتیں دور ہو گئیں

مِنْ بَابِكَ فَارَتِ الْعَطَايَا　　فِي ذَاتِكَ سَارَتِ الْفَضَائِلْ
تیری بارگاہ سے بخششیں ابلیں　　اور تیری ذات بابرکات پر تمام خوبیوں نے سرایت کی

كَالشَّمْسِ تُضِيءُ يَا حَبِيبِي　　عَنْ وَصْفِكَ كَلَّتِ الْأَفَاضِلْ
اے میرے حبیب تو سورج کی طرح چمکتا ہے　　بڑے بڑے افاضل اور پڑھے لکھے تیری تعریف سے عاجز ہیں

مِنْ نُورِكَ تُشْرِقُ اللَّيَالِي　　وَالْبَدْرُ مَعَ النُّجُومِ آفِلْ
تیرے نور سے راتیں روشن ہوتی ہیں　　اور چاند ستاروں کی روشنی مدھم پڑ جاتی ہے

لَا يُدْرِكُ مَا لَكَ الْعَوَالِي　　الْمَادِحُ وَهُوَ فِي الْأَسَافِلْ
تیرے برگزیدہ صفات کو نہیں پہنچ سکتا　　تیری تعریف کرنیوالا جو بہت کم مرتبہ ہے

يَا صَاحِبَ يَثْرِبٍ وَبَطْحَا　　قَدْ جِئْتُ وَمَا لِيَ الْوَسَائِلْ
اے یثرب اور بطحا والے　　میں تیرے پاس آیا ہوں اور میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں

نَفْسِي رَكَنَتْ إِلَى الذُّنُوبِ　　وَالْقَلْبُ إِلَى الْفُسُوقِ مَائِلْ
میرا نفس گناہوں کی طرف جھک پڑتا ہے　　اور دل نافرمانی کی طرف مائل ہے

مالی مزجت بی الخطایا | مالی لعبت بی الرذائل

کیا ہوگا میرے لیے جبکہ خطاؤں نے میرے ساتھ مزاح کیا | اور ہوئے اور قابل نفرت افعال مجھسے سرزد ہوئے

الموت کانه دنی | انی مع ذاك عنه غافل

موت گویا کہ مجھسے قریب ہوگئی ہے | میں باوجود اس بات کے اُس سے غافل ہوں

یا احمد کن شفیع عبد | للشفیع یمد کف سائل

اے احمد (صلعم) اُس بندے کی شفاعت کر | جو شفاعت کے لیے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہے

الوابل من سواك طل | والطل من الجناب وابل

بڑی بڑی بوندیوں کا مینہہ دوسروں سے۔ اُوس ہے | اور اس تیری بارگاہ سے بڑی بڑی بوندیوں کا مینہہ

فارحم لعبیدك الیتامی | والله هم لذاك قابل

پس رحم کر اپنے یتیم غلاموں پر | خدا کی قسم وہ تیری مرحمت کے محتاج ہیں

نحمده ونستعینه

رپورٹ کارروائی ممبران کا رکن انجمن مؤید الاسلام دہلی بابت سال دوم سنہ ۱۳۱۱ ہجری معروضہ حقیر و ذلیل محمد اسمٰعیل ناظم ممبران انجمن مؤید الاسلام

عرصہ دو سال کا ہوا کہ بالہام ربانی و بتائید یزدانی بعض شرفاء و صلحاء دہلی کو بنظر ہمدردی اسلام و غمگساری امت خیر الانام یہ مضمون تسنن متین اور یہ خیال جناب مآب افضال ایزد متعال ذہن نشین ہوا کہ اطفال بے پدر و مادر و یتیمان بے گھر و بے زر بقبضہ غیر اقوام تباہ ہیں اور پرستش اصنام بجا لاتے ہیں۔ اسلئے بنائے انجمن مؤید الاسلام قائم کی۔ اکثر عمائد شہر و اراکین دہر نے منازل معاونت میں قدم رکھا۔ اور تاجران ذی دیار و علمائے اہل بصار مولوی محمد عبد المجید صاحب مولوی حسن علی صاحب وغیرہ نے ترقی انجمن پر کمر ہمت چست باندھی۔ اور چونکہ بتائید غیبی یہ انجمن ہنوز بچہ دو سالہ اور حالت شیرخواری میں ہے۔ مگر مثل مشہور ہے

کہ پوت کے پیر پالنے میں نظر آتے رہیں۔ اس بچۂ خورد سال نے اہتمام امورات تجہیز و تکفین نعش ہائے
لاوارث شفاخانہ۔ و اموات جنکی وفات محتاجانہ ہوئی۔ اور حفاظت حقوق اوقاف و سلوک نومسلمان
یا اوصاف و مسافران بے زاد و رحلہ اور امورات لائق گذارش حکام ذوی الاحترام منجانب اہل
اسلام و تعلیم علوم و حرفت کاری۔ اور ہر گونہ پرورش خور و پوش یتیمان و مدرسۂ نسوان۔ بوسیلۂ ائمہ
بلند پایہ صاحبان ذی مقدور و عالی ہمتان ترحم دستور کے اپنے ذمہ لیا۔ اور رئیسان و اغنیا نزدیک و دور
کو بحصول چندہ اپنا مربی بنایا۔ اور بصلاح و مشہور سرپرستان ہر قوم الصدر تمام شہر و مضافات دہلی کو ۲۴
علاقوں پر بذریعہ ممبران و معاونان حسب ہدایت نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم من لم یشکر اللہ لم یشکر
الناس اداے شکریہ انکا متفرضات سے تصور کرکے اسکی اشاعت میں عزم بالجزم کیا منجملہ علاقجات
مذکور کئی علاقے بغیر ممبر ہیں اور کمتر میں عمل اگاہی چندہ جاری ہے۔ مگر پوری کارروائی نہیں ہوتی۔ اگر کل علاقوں
میں پوری کارروائی ہو جاوے تو امید ہے کہ پانسو روپیہ (۵۰۰) ماہوار تک کی نوبت پہونچ جاوے۔ اور عرصۂ قلیل
میں سرمایۂ کثیر انجمن انجمن کو مستغنی کر دے۔ چندہ متفرق و ممبری و آرد میں جو وصول ہوا ہے نہایت
کم ہے۔ جسقدر وصول ہوا ہے وہ چندہ یکمشت صاحبان فراخ حوصلہ اور اغنیا ذی رتبہ سے ہوا ہے
تعداد ممبران میں معتدبہ اضافہ نہیں ہوا ہے۔ الا بہ نسبت سال گذشتہ ہر ایک امر میں ترقی ہوئی
ہے۔ اور آمدنی سال ماضیہ سے امسال بہر حال مضاعف ہے۔ حالات ممبران کارکن و معاونان سعادت منقرون
حسب ارشاد ربانی اور بمصداق آیۂ قرآنی وتعاونوا علی البر والتقوی جنہوں نے اپنی سعی موفور سے
وصول چندہ میں مدد دی ہے۔ میں نہایت ہی شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ انکو جزاے خیر دے۔ جن علاقوں
میں کام ہوا ہے اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے

علاقہ نمبر ایک خالی ہے۔ علاقہ نمبر ۲ و ۳ میں حاجی انعام اللہ صاحب نے اپنے قلم و سیاہی اور قدم فرسائی سے
اچھی امداد انجمن کو دی۔ علاقہ نمبر ۴ میں حافظ عبد الغفار صاحب نے اپنی کوشش سے دریغ توجہ نہیں فرمایا
علاقہ نمبر ۵ میں راجی رحمت رب جلیل ہیچکار محمد اسمٰعیل سر انجام کار میں لیل و نہار مصروف ہے اور علاوہ کارممبری
دیگر اور بھی لسبعی زبانی اور جانفشانی میں پہلوتہی نہیں کرتا۔ الا علاقہ نمبر ۴ و ۵ میں آبادی اہل اسلام بہت

قلیل ہے۔ اسلیئے آمدنی علاقہ مفوضۂ حافظ عبدالغفار صاحب ہیچکارہ بہت کم مقدار ہوتی ہے۔ علاقہ نمبر ۶ و ۷ و ۸ و ۹ میں جناب حکیم محمد اجمل خاں صاحب و حکیم احمد سعید خاں صاحب اور حاجی عبدالغنی صاحب نے اپنی حسن سعی و ارشادات تہیدستی انجمن کا معاینہ بہت خوب کیا۔ اور خصوصاً حکیم احمد سعید خاں صاحب نے جس شوق و ذوق سے وصول چندہ میں محنت کی ہے وہ لائق شکرگزاری ہے۔ مگر افسوس ہے کہ عرصہ تین ماہ سے وہ بیرونجات میں تشریف لے گئے ہیں۔ اور انجمن اُنکی اعانت سے محروم ہے۔ علاقہ نمبر ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ میں جناب حکیم ظہیر الدین احمد خانصاحب و حکیم رضی الدین احمد خاں صاحب اور منشی محمد حسین صاحب نے بڑی محنت و جانفشانی سے کام کیا ہے اور ہنوز تمام علاقہ میں کام جاری نہیں ہوا ہے۔ مگر پھر بھی بہت کچھ ہوا ہے۔ سال آئندہ میں اُمید ہے کہ پورے طور سے کام جاری ہو جائیگا۔ سال گذشتہ میں بہ نسبت امسال ما شاء اللہ آمدنی معقول بہ بذل توجہ ممبران موصوف ہوئی اور منشی محمد حسین صاحب نے علاوہ اپنے علاقہ کے کام کے اہتمام مدرسہ زنانہ بڑی خوبی سے بطور مردانہ فیاضی و ہمدردی کے کیا ہے۔ علاقہ نمبر ۱۴ و ۱۵ میں نواب فیض احمد خاں صاحب نے بسبب علالت متواتر کے اپنے علاقہ کا کام کم کیا ہے۔ اور سید احمد صاحب امام جامع مسجد نے اپنی بے توجہی اور کم التفاتی کو کام فرمایا ہے فقط مایجوز بہا الصلوٰۃ پر عمل کیا ہے۔ البتہ شیخ محمد الدین صاحب شریک سوم نے ماہ مبارک رمضان شریف سے جو کام شروع کیا ہے روز بروز ترقی پر ہے۔ اور استحصال کھالہائے قربانی میں تو سبقت لیگئے۔ اُمید ہے کہ سال آئندہ میں اُنکے شرکاء علاقہ کا نعم البدل ہو جاویگا۔ اور علاقہ نمبر ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ میں منشی محمد کرم اللہ خاں صاحب تنہا اپنے کام کو بڑی سرگرمی سے انجام کرتے ہیں۔ نمبر ۱۶ میں برائے نام ایک محلہ بامداد میر للن صاحب کچھ کام ہوتا ہے اور نمبر ۱۷ میں قرار واقعی کام ہوتا ہے اور نمبر ۱۸ میں بہ نسبت نمبر ماسبق کام کم ہوتا ہے۔ بہر حال جسقدر کام ہو رہا ہے غنیمت ہے۔ اور تمام انتظام یتیمخانہ حاجی عبدالغنی صاحب اور منشی محمد کرم اللہ خانصاحب بشراکت کرتے ہیں۔ اور فی نفسہ یہ کام ایک بڑا مہتم بالشان کام ہے ہر وقت اسمیں ضرورت مدبّر اور متدین آدمی کی درکار ہے۔ میرے نزدیک ماسوائے ممبران موصوف اور کوئی شخص ایسا نظر نہیں آتا۔ جو شبانہ روز اپنے اوقات گرانمایہ کو وقف یتیمان کرے۔ حق یہ ہے کہ ممبران موصوف کمال عزیز الوجود اور بے نظیر و عدیم المثال ہیں۔ اندرون شہر کے باقی علاقے خالی پڑے ہیں

علاقہ نمبر ۲۳ - بیرون شہر فقط پہاڑ گنج میں مرزا قادر بخش صاحب شاہزادہ ممبر ہیں جس قدر اُن سے بحالت پیری وضعیفی ہو سکتا ہے حق سعی ادا کرتے ہیں عرصہ دو ماہ کا منقضی ہوا کہ محمد کرم اللہ خان صاحب و شیخ محمد الدین صاحب و منشی محمد حسین صاحب وغیرہ نے مرزا صاحب کی معاونت میں سعی کی تھی کہ جس سبب سے افزونی آمدنی ہوئی اگر آئندہ بھی گاہے ماہے ویسی ہی توجہ فرماوینگے تو البتہ کیسہ انجمن پُر پا دینگے - اور ماہ رمضان میں حاجی محمد اسحاق صاحب و حافظ عبد الکریم صاحب و نواب خیر محمد صاحب وغیرہ ممبران نے حب اسلامی کو کام فرمایا - اور تاجران باد تجار از صدر بازار و باڑہ ہندو راؤ - و کشن گنج و پھاٹک حبش خان و چاندنی چوک سے پھر چلکر چندہ وصول کیا یہ جملہ ممبر صاحبان مستوجب شکریہ کے ہیں - اور ماہ شعبان میں بہ یمن تقریر پُر تاثیر مولوی حسن علی صاحب و بروز جمعۃ الوداع بہ برکت سید احمد صاحب امام جامع مسجد وغیرہ ممبران کارکن رقم معقول چندہ غیر مترقبہ فراہم ہوگئی - اور ایک مکان عالیشان قیمتی پانچہزار (۵۰۰۰) روپیہ کا برلب یتیمخانہ شیخ نور بخش صاحب ممبر کارکن نے وقف کرکر قصد تعمیر جم خداوند کریم سے خریدا - اور آمدنی ایک کوٹھی جہت اطمینان مصارف یتیمخانہ واقع بازار چاندنی چوک متصل عجائب گھر قیمتی تخمیناً پندرہ ہزار (۱۵۰۰۰) روپیہ کی شیخ محمد حسن صاحب مرحوم بزرگ خاندان شیخ احمد پائی صاحب وقف کئے گئے اور بالا مال ثواب بے حساب اخروی ہوئے - جملہ متعلقان و ممبران کو تہ دل سے شکریہ ایسے ریادل و فیاضان بے مثل کا ادا کرنا لازم والزم ہے - تقریر صدر انجمن صاحب ہر جلسے پر کیجاتی ہے - جناب خان بہادر ڈپٹی محمد الٰہی بخش خان صاحب سکرٹری انجمن ہیں - جملہ نظم و نسق و داد و ستد و حساب و کتاب کل علاقجات وغیرہ نہایت مستعدی و سرگرمی و ہمدردی سے کرتے ہیں - سرمایہ انجمن کی امانت دار کوٹھی حاجی علی جان صاحب مرحوم بتوسط حافظ عبد الغفار صاحب ممبر کارکن جو نہایت با امانت دار ہیں - ہے - چار چپراسی پانچ پانچ (۵) روپیہ ماہوار کے وصول چندہ میں مصروف رہتے ہیں اور ہر ایک وہ دو تین تین علاقوں میں کام کرتا ہے فقط میں اپنی رپورٹ دعائے خیر پر ختم کرتا ہوں - اللہ ولی التوفیق وہو الکافی وہو الرفیق -

رپورٹ منشی محمد حسین صاحب ممبر کارکن و مہتمم مدرسہ نسوان

یا معشر الاسلام ! میں کیا اور میری ہستی کیا جو خدمت قومی کر سکوں یہ سب فضل ایزدی اور تائید ربانی ہے

جو تھوڑی قلیل سعی بھی اسکام میں مجھسے ہوسکی۔ مگر جیسا دل چاہتا ہے ویسی کوشش نہیں ہوسکتی۔ افسوس ہے کہ تمہی دنیا کو آخرت پر پسند کیا۔ ورنہ کیا بات ہے کہ دہلی جیسے شہر میں جو ہمیشہ سے باخیر رہا ہے۔ ممبران انجمن کامیاب نہوں۔ واللہ باللہ دینے والے مسلمان بہت ہیں مسلمانوں میں قدرتی طور سے قادر قدیر نے بہت کچھ خیر و برکت کا مادہ پیدا کیا ہے لیکن ہادیان قوم اور مصلحان قوم کم یا گم ہوگئے جو مناسب طریقوں سے مائل اور متوجہ کرتے

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یہ کام ہم دنیاداروں کا نہ تھا۔ بلکہ ہمارے حضرات عالیشان علماء و فضلا کا تھا۔ اگر وہ اپنی توجہ ذرا سی بھی اس انجمن کیطرف مبذول فرماتے۔ اور قوم کو ایسے رشد کے کاموں میں رغبت دلاتے تو بہت کچھ کامیابی کی امید تھی افسوس ہزار افسوس انکو اسطرف توجہ نہیں۔ کیا یہ کام اچھا نہیں ہے جو انجمن مؤید اسلام کر رہی ہے یتامی کی پرورش کا ثواب تو آپ حضرات ہی اپنے وعظ میں فرمایا کرتے تھے کہ بہت ہے۔ انکے سر پر ہاتھ پھیرنے سے دل نرم ہوتا ہے مسلمانو! یہ ثواب کیا کم ہے حضرت نبی کریم رحیم علیہ الوف الوف تحیۃ والتسلیم یتیم تھے وہ ارشاد فرماتے ہیں۔ انا وکافل الیتیم کہاتین فی الجنۃ۔ انگشت شہادت اور وسطی کھڑی کرکے بتلا دیا کہ اسطرح کافل یتیم کو میری معیت جنت میں ہوگی۔ مبارک بندہ وہ ہے جو اسکام میں قدمی۔ درمی۔ سخنی۔ جانی۔ مالی امداد دے۔ اور خوشحالی ان بزرگواران قوم کو ہے جنکے گھروں سے ایک ایک مٹھی آٹا اسکام کیواسطے روزمرہ جاتا ہے۔ اور ان حضرات کا کیا کہنا ہے جو بڑی بڑی امداد فرماتے ہیں۔ جنکی تفصیل رپورٹ عالیجناب خیر مجسم خان بہادر محمد الٰہی بخش خانصاحب سکرٹری میں ہے۔

میں قوم کیواسطے اجمیری دروازے سے تا عیدگاہ کہنہ دریوزہ گری کرتا ہوں جو حضرات مجکو اسکام میں امداد دیتے ہیں انکا میں بہت بڑا شکرگزار و مرہون منت ہوں۔ حضرات ایسے کاموں میں جو کامیابی پیران قوم کو حاصل ہوسکتی ہے وہ اور لوگوں کو نہیں ہوسکتی۔ بحمد للہ والمنۃ اسکام میں میری امداد و سرپرستی کے واسطے کون کون حضرات شریک ہیں۔ شریک کیا بلکہ سچ پوچھو تو یہ وصول چندہ ان ہی حضرات کی سعی و کوشش سے ہوا ہے۔ بلکہ انھوں نے رقومات بڑی بڑی خود ہی وصول فرمائی ہیں۔ وہ کون ہیں سراپا خیر و برکت عالیجناب حکیم ظہیر الدین احمد خاں صاحب آنریری مجسٹریٹ اور جناب حکیم رضی الدین احمد خاں صاحب

اللہ تعالے انہیں ہمیشہ انکو خوش وخورم رکھے اور انکے مقاصد پر کامیاب فرماوے یہ مبارک بندہ قوم کے خیرخواہ پاپیادہ دھوپ میں گشت محلوں میں پہونچکر تقسیم ظروف فرماتے رہے۔ جو آٹے کیواسطے رکھا جاتا تھا اور جس محلے میں مجکو مشکلات پیش آئیں وہ باسانی سُلجھادیں جزاہ اللہ خیر الجزا۔ ایسے حضرات کی انجمن کو سخت ضرورت ہے۔ اللہ تعالے دوسرے مسلمانوں کے دلونمیں بھی ایسی ہی قومی خدمت کرنے کی محبت دیوے جیسی ان دونو حضرات کو ہے۔ جناب حکیم رضی الدین احمد خان صاحب شیخوپورہ ماہ ذالحجہ میں تشریف لیگئے تھے۔ مجھ خادم القوم نے ایک خط انکو لکھا کہ آپ یتامے کی امداد پیش نظر رکھیں گے اور اپنے علاقہ کی آمدنی بڑھاکر شکر گذار فرماوینگے۔ وہاں پر انھوں نے حضرات ذیل سے پچانوے ۹۵ روپیہ وصول فرمائے۔ جو یکم محرم الحرام میں جمع ہوئے ہیں جناب سکرٹری صاحب اس علاقے کی آمدنی اخیر ذالحجہ ۱۳۱۵ھ تک بند فرما چکے تھے۔ دراصل یہ پچانوے ۹۵ روپے بابت ۱۳۱۶ھ کے ہیں۔ آیندہ سال اُنسے اور رقم وصول ہونے کی اُمید ہے۔ اسواسطے بالتفصیل میں اُن قوم کو درج کرتا ہوں کہ سالانہ رپورٹ میں طبع ہوکر اشاعت ہوجاوے۔

عالیجناب شیخ نجم الدین حیدر صاحب ڈپٹی کلکٹر و رئیس شیخوپور ۳۰	جناب شیخ عبد الغفار صاحب رئیس شیخوپور۔ ۳۰
جناب شیخ نذیر الدین احمد صاحب رئیس شیخوپور ۲۰	جناب ممتاز الدین احمد صاحب رئیس شیخوپور۔ ۱۵

یہ پچانوے ۹۵ روپیہ علاوہ اُس آمدنی اس علاقے کے ہیں جو درج رپورٹ جناب سکرٹری صاحب ہیں اور اللہ کی ذات سے امید ہے کہ سالانہ وصول ہوویں۔ میرے دل سے دعا نکلتی ہے کہ اللہ تعالے انکو انکے مقاصد پر کامیاب فرماوے۔ اور آیندہ امداد یتامے کی زیادہ محبت دیوے۔ افسوس ہے کہ اس جلسہ میں وہ دونو حضرات نہیں ہیں حکیم ظہیر الدین احمد خان صاحب تو گورگانوہ میں اپنے فرزند صغیر ریاض الدین احمد خان صاحب کو دیکھنے کو گئے ہیں جو تبدیل آب و ہوا کیواسطے وہاں پر مقیم ہیں۔ یہ عزیز ایک عرصہ سے بیمار ہے۔ میں بھی دعا کرتا ہوں اور آپ صاحبوں سے بھی اسکی صحت کیواسطے دعا کرنے کی سفارش کرتا ہوں۔ اللہ تعالی انکو صحت دیوے آمین ثم آمین اور دوسرے صاحب چند دن سے میرٹھ میں ہیں۔

مجھپر واجب ہی کہ جو لوگ میرے علاقہ متعلقہ میں یتیم خانہ کے وصول چندہ میں مجھکو امداد دیتے
ہیں اُنکا نام نامی ظاہر کروں - اول اُنمیں سے نہایت سرگرم مددگار محمد یوسف خانصاحب نو اسہ جناب حاجی علیجان
صاحب مرحوم ہیں - اور اُنکی ہمراہی میں عبد القادر صاحب و اُنکے والد ماجد صاحب ہیں یہ تینوں حضرات میرے شامل
ہوکر کوچہ چاہ شیریں و چھتہ راجاں و گلی راجاں و کٹرہ نیل سے آرد بآسانی وصول کرا دیتے ہیں میں اُنکا
شکر گزار ہوں - خداوند کریم سے دعا ہے کہ ان حضرات ثلاثہ کو ایسی توفیق دے کہ ان ہر چہار کوچہ سے بلا شرکت
میرے آرد وغیرہ وصول کر کے میرے پاس بھیجدیا کریں - تو میں دوسرے چار محلوں میں وصول کی تدابیر کروں
تمام گھر مسلمانوں کے خالی پڑے ہیں جو اسکار خیر میں شریک نہیں ہوئے ہیں - یہ ہم ممبران انجمن کا ہی قصور ہے
جو اب تک اُن اپنے برادران دین کو شرکت اس سعادت سے محروم کر رکھا ہے - میں اور وہ ممبران اپنی اپنی حلف
کو یاد کر کے میدان محشر کے سوال و جواب کا خیال فرماکر اس قومی کام میں مستعد اور آمادہ ہوجاویں تو موجب
افتخار و عزت ہو - اے خیر خواہان قوم ! اُٹھو اُٹھو اپنی قوم کیواسطے اپنی قوم کے روبرو بھیک مانگنا کچھ ذلت
نہیں ہے - بلکہ موجب عزت ہی - اس ارشاد نبی کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ہی خیال فرمائیے - خیر الناس من
ینفع الناس - اپکا وصول کیا ہوا چندہ اور ہمارے برادران دین کا دیا ہوا آٹا - پیسہ - روپیہ - کس کام میں صرف ہوگا
لاوارث یتامی کی پرورش اُس سے ہوگی - اُنکی تعلیم اسی چندہ سے ہوگی یتیم بھی کیسے کہ اُنکے اسلام سے
بیدین ہوجانے کا خوف - آپ کو خیال نہیں ہے کہ غدر سے لکھو کھا بچے اہل اسلام کر عیسائی ہوگئے کیا
وہ لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ کہنے والونکے بچے نہ تھے کیا وہ ہمارے اسلامی بھن بھائیوں کی اولاد نہ تھے
افسوس اس غفلت اور خواب خرگوش ہماری کیوجہ لاکھوں بچے عیسائی صرف ہماری ہی غفلت سے ہوگئے ہیں - کیا کوئی جواب
شافی اس بات کا ہم آپ لوگوں کے پاس ہی کہ نبی کریم رؤف رحیم علیہ التسلیم تو کثرت اُمت کا اور امتوں پر افتخار
فرمانے کا ارشاد فرماویں - اے مسلمانو ہم یہ کریں کہ مسلمانوں کو عیسائی ہوجانے دیں ؎

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا -

کیا جواب ہے - بجز حسرت و حرمان اور کچھ حاصل نہوگا - اللہ تعالے لئے اہل اسلام کی حالت کو سنوار دے
ای حاضرین جلسہ آپسے زیادہ امداد کی تمنا و خواہش نہیں ہے - جسوقت آپکے گھر میں کھانا پکایا جاوے

صرف ایک چٹکی آٹا ظرف یتیمخانہ میں ڈال دیا کریں۔ اس سے ہی بہت کچھ امداد ہو جاوے گی۔ کوئی گھر کا آدمی چٹکی آٹے سے بھوکا نہ رہیگا۔ مجھپر جن جن حضرات نے احسانات کیئے ہیں۔ میں انکا ذکر کرتا کرتا دوسری طرف چلا گیا۔ کیا کروں قوم کا بیماری ہوں۔ الجوع الجوع العطش العطش کے سوا کچھ نہیں سوجھتا۔

کوسنچہ پنڈت تمام خالی پڑا ہے۔ صرف خواجہ فرحت اللہ خاں صاحب نے یہ مدد فرمائی کہ اپنے محلہ میں پچاس ظرف گلی خود اپنے ہاتھ سے رکھدیئے جنمیں آرد وصول ہوتا ہے۔ اپنی ذات خاص سے کچھ مقرر نہیں فرمایا۔ سید نذیر حسین صاحب سررشتہ دار کمیٹی نے ۴ روپیہ ماہوار تو خود دینا مقرر فرمایا اور ۲۰ عدد ظروف گلی اپنے قرب وجوار میں رکھدیئے کہ ان میں آرد منشی عبدالرحیم صاحب مدرس وصول فرماکر یتیمخانہ میں بھیجتے ہیں۔ میرے قدیم عنایت فرما جناب حافظ عزیز الدین صاحب وکیل بعارضہ دنبل سخت علیل ہوگئے۔ انکے واسطے یتامی سے بندہ نے دعائے صحت کرائی اور خود بھی برابر دعا کی۔ الحمد للہ وہ قریب بصحت ہیں۔ مسلمانو آپ یہ دعا فرماویں کہ اللہ تعالے انکو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ انکو یتامی کی محبت اور خدمتگزاری کی توفیق دے۔

• شیخ چاند کے کٹڑے میں چٹکی آٹا وہاں کے باشندوں نے بسبب اغوائے ایک بنگالی مولوی صاحب کے بند کردیا تھا۔ مدت تک بند رہا۔ بندہ رات دن انکی تدبیر میں رہا۔ آخر بتوجہ وعنایت جناب حکیم محمد اجمل خاں صاحب امیر بیگ صاحب نے پھر اس سلسلہ کو جاری کیا۔ مگر نہایت سستی سے جاری ہے۔ ایک امداد غیبی مبتکر علاقہ میں یہ ہوئی کہ ہمارے کریم النفس جناب ڈاکٹر عبدالرحمن خانصاحب نے میرا معروضہ قبول فرماکر اپنے قرب کے کوسنچہ میں ۴۴ ہنڈیاں گلی واسطے فراہمی آرد یتیمخانہ کے تقسیم فرمائیں۔ اور میں ۲۲ روز کیواسطے بضرورت خود اپنے وطن ریاست پٹیالہ میں چلا گیا تھا ختم ماہ پر خود ہی انکا آرد وصول فرماکر یتیمخانہ میں بھیجدیا۔ جزاک اللہ خیر الجزاء۔ یا اخی عبدالرحمن خاں خیرخواہ قوم ایسے ہی ہوتے ہیں اور ایسا ہی کرنا چاہیئے۔ میں دعا کرتا ہوں اللہ تعالی انکو خوش وخورم رکھے۔ اور وہ تعالی جل جلالہم سے اپنے تمام اہل اسلام سے راضی ہو جاوے

پنڈت کے کوسنچہ میں واسطے عملدرآمد وصول آرد کے مجکو امداد کی اشد ضرورت ہے۔ مجھکو امید ہے کہ آج کی دعا ہماری قبول ہوکر اللہ تعالی حافظ عزیز الدین صاحب وکیل کے دلمیں محبت یتامی عنایت فرماوے۔ دوسرے

ماسٹر شہاب الدین صاحب اور میر حمید الدین صاحب باخیر آدمی ہیں۔ انجمن انسے استدعا فرماتی ہے امید ہے
کہ یہ صاحبان توجہ تام فرمائینگے۔ گلی شاہ تارا کے واسطے شاہزادہ فرخ محمد صاحب اور نواب احمد حسین صاحب سے
اور بقیہ کوچہ ہائے فراشخانہ کیواسطے جناب حکیم حسن رضا خاں صاحب و جناب مرزا ابراہیم بیگ صاحب سے استدعا
کیجاتی ہے۔ کہ وہ چنکی آرد کے وصول کی تدبیریں امداد فرماویں۔ اور گھر بیٹھے ایک دو دن مہینہ میں ذراسی زبان ہلا کر ثواب و
بشارت دخول جنت بمحبت حضرت سیدنا محمد مصطفے علیہ الصلوۃ والسلام حاصل فرماویں۔ حاجی محمد قاسم صاحب
نے میری بہت امداد فرمائی عیدگاہ کہنہ تک آرد گندم میرے ہمراہ ہو کر وصول کیا جب سے میں بعارضہ درد پا شدید
بیمار ہوا بذات واحد خود ہی اس کام کو سر انجام فرماتے ہیں۔ قریب تین روپیہ ماہوار کے آرد گندم و نقدی وصول
کرلاتے ہیں۔ حضار مجلس مقام غور ہے کہ عیدگاہ کہنہ میں متعدد گھر ۲۰-۲۵ غربا اہل اسلام بیلدار یا
مزدوروں کے ہیں۔ جنکی اوقات ۴ یا ۳ روپیہ کی ہے وہ ماہوار آرد گندم و پیسہ نہایت خوشی سے دیتے
ہیں۔ جنکی اوسط آمدنی تین ۳ روپیہ ماہوار ہو جاتی ہے۔ جزاہ اللہ خیر الجزا۔ یہ حاجی صاحب رودگران میں
رہتے ہیں۔ سالانہ یتیم بچوں کی دو تین دفعہ دعوت بھی کرتے ہیں۔

حاجی محمد ابراہیم و شیخ عبد اللہ انکے برادر نے یتیم خانہ میں دو دو روپیہ ماہوار مقرر فرمائے ہیں
اور اہل اسلام عبرت و غیرت حاصل فرما کر جو امداد یتیم خانہ و تجہیز و تکفین اموات لاوارث مسلمانوں
میں امداد ہی سے دست سخاوت کوتاہ کیے ہوئے ہیں وہ کشادہ فرماویں۔ پھر دیکھو کیا برکت ہوتی ہے
ایک حدیث کا ٹکڑا یاد آگیا جسکا یہ مضمون ہے کہ تعالے جل جلالہ و عم نوالہ قیامت کے میدان میں ارشاد فرمائیگا
کہ بیٹے آدم کے میں بیمار ہوا تھا میری مزاج پرسی کیوں نہیں کی۔ بندہ عرض کریگا۔ الٰہ العالمین تو تو بیماری سے
پاک ہے ارشاد ہوگا کہ فلاں بندہ میرا بیمار ہوا تھا اگر تو اسکی مزاج پرسی کرتا۔ تو مجھکو اسکے پاس پاتا۔ پھر
حدیث قدسی کیا کہہ رہی ہے کہ مسلمانو۔ لاوارث مسلمانوں کی عیادت مرض میں نہ کیجاوے تو انکی لاشہائے تو
غیر قوموں کے ہاتھ سے لیکر غسل بطور سنت دینا چاہیئے اور کفن اچھی طرح سے دیا جاوے۔ نماز جنازہ بجماعت
پڑھی جاوے۔ اور قبر بہیئت سنت کندہ ہو کر سپرد کریم کیا جاوے۔ اب وہ ہے اور اسکا بندہ سراپا خطا
عصیان و نسیان ہے مسلمانو! بشارت ہو۔ انجمن نے اس کام کو اپنے ذمہ لیلیا ہے جناب صاحب جنٹ ڈپٹی کمشنر بہادر

سنے لاشہائے لاوارث مسلمانوں کا دینا قبول فرماکر کمیٹی میں واسطے اُس صرفہ لاش کے دینے کیواسطے غور کرنے کو بھیجدیا ہے اللہ کی ذات سے اُمید ہی کہ صرفۂ لاش لاوارث بھی انجمن کو ملجاویگا۔ الحمد للہ کہ انجمن مؤید الاسلام آپ صاحبان کی ہمت وسخاوت ومہربانی سے کچھ کچھ کامیاب ہوتی جاتی ہے۔ جیسے تحریک تجہیز وتکفین لاوارث مسلمانوں کی انجمن میں منظور ہوئی ہے۔ اُسوقت سے زیادہ تر شوق دلی پیدا واسطے فراہمی چندہ کے ہورہا ہے اللہ تعالی اسکو ترقی دے وما توفیقی الا باللہ۔ اسوقت چند شعر ایک رسالہ صبح نور مؤلفہ نواب غلام احمد صاحب رئیس کنجورہ ممبر کونسل آف ریجنسی ریاست گوالیار مجھکو پسندیدہ معلوم ہوتے ہیں۔ جو آپکے روبرو پیش کرتا ہوں۔ سنئے وہ فرماتے ہیں

نظم

تجھکو اس میلے میں گر نفع سودا چاہیئے	شوق استرضائے خلاق توانا چاہیئے
ہو اگر دل کو شکر خندہ طرب کی آرزو	غیر کی آنسو بہ شفقت سے پونچھا چاہیئے
طور کے جلوہ کا طالب ہے تو غفلت کس لیئے	جوش ذکر رب ارنی مثل موسیٰ چاہیئے
اندمال زخم ناکامان بیکس کے لیئے	مرہم کافور ہمدردی کا پھاہا چاہیئے
منعموں سے کہتے ہو حاضر ہے خدمت میں ہم	بیکسوں سے بھی کبھی پوچھا کرو کیا چاہیئے
اس چمن میں رُخ بدلتا ہے ہوا کا دمبدم	خواب غفلت کب تلک کروٹ بدلنا چاہیئے
ہے زمین و آسمان کا فرق قول و فعل میں	احمدی جو منہ سے کہتے ہو وہ کرنا چاہیئے

میں ختم کرتا ہوں اس مضمون کو آج صبح میں واسطے رپورٹ لکھنے مدرسۃ النسواں کے بیٹھا تھا کہ اول یہ مضمون یہاں تک لکھا گیا۔ اب میں خیال کرتا ہوں کہ مدرسۃ النسواں کی نسبت کچھ عرض کرنا چاہیئے۔ اللہ تعالے کی امداد ومہربانی اور انجمن مؤید الاسلام کی عنایت وقدردانی سے اس مدرسہ نے ترقی حاصل کی ہے سال گذشتہ قریب ۲۰ لڑکی زیر تعلیم تھی اب اللہ کے فضل سے ۳۵ لڑکی اس مدرسۃ النسواں یتیمخانہ میں داخل ہوئیں آٹھ ۸ لڑکیوں نے مدرسہ سے پڑھنا چھوڑ دیا۔ ۲۷ لڑکیاں اخیر ذالحجہ تک زیر تعلیم ہیں۔ یہ اللہ تعالی کا فضل ہے۔ انکو کام دستکاری بھی سکھایا جاتا ہے۔ خوب اچھی طرح سے نماز پر قائم ہوگئی ہیں۔ اوسط ایام حاضری کا جو نقشہ مرتب کیا گیا ہے اُسکے محاذی پر ایک لڑکی کے کام تعلیم کی حالت لکھی گئی ہے۔ اگر آپ صاحبان اجازت دیویں

تو میں سنادوں۔ گویا بہ نسبت سال گذشتہ پون دوگنی اس مدرسہ نے ترقی کی۔ باوجودیکہ اسکی معلمہ اکثر اوقات بیمار رہی۔ یہ خدا کا فضل ہے جو ایسے کام ہمسے ناکارہ بندوں سے لیتا ہے۔ اور انجمن مؤید الاسلام کامیں شکر گزار ہوں۔ بالخصوص محسن القوم خانصاحب منشی محمد کرم اللہ خانصاحب کا مشکور ہوں کہ وہ ہر وقت اس دُھن میں لگے ہوئے ہیں۔ یہ جو کچھ پھل دپھول ہیں اُنکا ہی خلوص ہے۔ اللہ تعالے اسکا اجر عظیم انکو دیوے اور انکو زندہ وسلامت رکھے ایسے ہی خیر مجسم خان بہادر محمد الٰہی بخش خان صاحب سکرٹری کا احسان وشکر مجھپر واجب ہے کہ وہ میرے متعلقہ کام حساب کتاب میں کمال ہی امداد دیتے ہیں اور میں تو بڑے دعوے سے یہ بات کہتا ہوں کہ انجمن مؤید الاسلام کو ایسا سکرٹری ملنا بہت مشکل تھا یہ انجمن مؤید الاسلام کی خوش قسمتی ہے جو ایسا حلیم و خلیق ہمدرد اہل اسلام محاسب یگانہ سکرٹری ملگیا۔ اللہ تعالے ان کو سلامت رکھے۔ مگر اسی جوش وخروش وہمدردی اہل اسلام کے ساتھ۔ آمین ثم آمین۔

اے مسلمانان دہلی میں اور مبارکباد دیتا ہوں کہ ہمارے سچے خیرخواہ اسلام حاجی عبد الغنی صاحب نے ایک مدرسہ بنام "فیض عام" عرصہ سے جاری کر رکھا ہے وہ مدرسہ انجمن مؤید الاسلام کی نگرانی میں ڈھائی سالہ بتحریک منشی محمد کرم اللہ خانصاحب پر دیدیا۔ اور اسوقت اوسط حاضری طفال نحو لفری ہے۔ اور جو صرفہ مدرسہ کا وہ اپنے ذمہ لیا۔ اس مدرسہ میں اول تعلیم قرآن شریف و حساب کتاب ضروری معاش و دکانداران و ضروری تعلیم مسائل اہل اسلام مالابد تک ہوتی ہے انجمن مؤید الاسلام تہ دلسے حاجی صاحب کے اس بذل کی شکرگزار ہے۔ یہ فتوح غیبی انجمن کو پرسوں ہی ہوئی ہے مسلمانو تمکو مبارک ہو۔ کوئی مدرسہ دہلی میں ایسا نہ تھا جس میں ایسی ضروری تعلیم ہو انجمن مؤید الاسلام نے تمہارے ذکور و اناث کی تعلیم کے واسطے دو مدرسے جاری کر دیئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی اس انجمن کو یوماً فیوماً ترقی دیوے اور ممبران کارکن کے دلوں میں جوش دیوے۔ اور اسکی امداد کیطرف اہل اسلام کو متوجہ کر دیوے اور ہر اہل اسلام سے اللہ تعالے راضی ہو جاوے والسلام

سالانہ رپورٹ کارروائی پنجسالہ انجمن مؤید الاسلام دہلی بابت سال دوم سنہ ۱۳۱۱ ہجری

مرتبہ حاجی عبد الغنی و محمد کرم اللہ خان مہتممان یتیمخانہ

کارساز بندہ نواز کے فضل وکرم اور اُسکے حبیب پاک کے طفیل سے یہ دوسرا سال یتیمخانہ انجمن کا بخیر وخوبی تمام ہوا۔ اس سال کے اول کے چار مہینوں کی کیفیت گو ضمیمہ کے طور پر سالگذشتہ کی رپورٹ کے ساتھ عرض ہو چکی ہے۔ لیکن بنظر مزید تشریح من ابتداے یکم محرم سنہ ۱۳۱۱ ہجری لغایت آخر ذی الحجہ سنہ صدر پورے بارہ مہینے کی مفصل کیفیت مع حساب آمد وخرچ و دیگر امور انتظامیہ عرض کی جاتی ہے۔ اس سال میں بحساب اوسط ۲۱ یتیم لاوارث ونو مسلم الفاس نے پرورش وتعلیم دینی ودنیوی وحرفت ودستکاری پائی۔ یتیموں کی تعداد زیادہ سے زیادہ ۲۳ تک اور کم سے کم ۱۷ تک رہی ہے۔ اس کمی وبیشی کا بڑا سبب یہ ہے جو بچے یا نو مسلم باہر کے رہنے والے یا آوارہ گرد تھے اُن سے قواعد یتیمخانہ کی پابندی نہیں ہو سکی۔ یتیمخانہ کی قواعد نہایت نرم ہیں مگر جنکو بھیک مانگنے کی عادت ہو گئی ہے۔ اُنکا یتیمخانہ میں رہنا ناممکن ثابت ہوا ہے۔ ان میں سے بعض تو بغیر اطلاع چلے گئے۔ اور بعض باجازت رخصت گئے۔ اور واپس نہیں آئے۔ جو چلے گئے انکی تعداد ۶ ہے۔ رجسٹر داخلہ یتیمان و لاوارثان سے اسکی تفصیل واضح ہوتی ہے۔ کل مصارف یتیمخانہ مثل خوراک وپوشاک وتعلیم وحرفت تنخواہ عملہ وکرایہ مکان اس سال میں [illegible] مہتممان یتیمخانہ کی معرفت صرف ہوئے۔ جسکا اوسط ماہوار [illegible] ہوا۔ اور فی کس [illegible] ماہوار خرچ ہوا۔ جس جس مد میں جو جو رقم خرچ ہوئی ہے ملاحظہ گوشوارہ حساب سے جو منسلک ہے واضح ہوگی۔

بچوں کو اوسط درجے کی خوراک وپوشاک دی جاتی ہے۔ ایک وقت گوشت روٹی اور دوسرے وقت دال روٹی یا کھچڑی دیجاتی ہے۔ مہینے میں دو بار میٹھے چاول اور دو بار پلاؤ ملتا ہے۔ عیدین وشب برات وغیرہ میں حسب مقتضائے موقع عمدہ کھانا دیا جاتا ہے۔ سالن وپلاؤ وغیرہ میں آدھ پاؤ فی سیر کے حساب سے گھی دیا جاتا ہے۔ ہر موسم میں میوہ ترکاری وغیرہ ایک ایک دو دو بار اچھی طرح سے کھلائے جاتے ہیں

روزمرہ کے لباس میں کرتہ پاجامہ اور ٹوپی ہے اور جاڑہ کے موسم میں کمری رضائی لحاف توشک بڑھا دیئے جاتے ہیں۔ ایک ایک چادرہ ہر موسم انکے بستر میں رہتا ہے۔ علاوہ اسکے ہر بچہ کیواسطے دو دو جوڑے

عیدین وجمعہ وشادی وغیرہ کے موقعوں کے لیئے رہتے ہیں۔ ان میں کرتہ پاجامہ صدری چغہ وٹوپی عمامہ اور رومال ہی
تقریبًا چوتھے مہینے انکو نئی جوتیاں پہنائی جاتی ہیں۔ ماسوا اسکے بعض صاحبان ہمت نے جو اپنے بچوں کی شادی
کی خوشی میں اطفال یتیمخانہ کو جوڑے مرحمت فرمائے ہیں۔ وہ اسکے علاوہ ہیں۔ خوراک پوشاک کے ذکر کے
ضمن میں یہ بیان کرنا بھی ضروری ہے کہ اس سال میں بہ نسبت سال گذشتہ یتیم بچوں کی دعوتیں بہت زیادہ ہوئی
ہیں۔ شاید کوئی مہینہ خالی گیا ہوگا۔ کہ کسی جگہ یتیموں کی دعوت نہوئی ہو۔ یا کہیں سے تھوڑا یا بہت کھانا یتیمخانہ
میں نہ آیا ہو۔ پورے ستر مرتبہ رحمدل خدا ترس لوگوں نے یتیموں کو اپنے گھر پر بلاکر بہ کمال شفقت وحرمت مثل
عزیز مہمانوں کے کھانا کھلایا۔ اور اکیس [۲۱] دفعہ کھانا مثل حلوہ کھیر پلاؤ زردہ سالن روٹی وغیرہ یتیمخانہ میں
بھیجا۔ نقشہ منسلکہ سے اسکی کیفیت مفصل طور پر ظاہر ہوتی ہے۔

دعوتوں میں اسقدر بیشی کا سبب جناب حکیم ظہیر الدین احمد خاں صاحب و جناب حکیم رضی الدین احمد خاں صاحب
و جناب مولوی محمد حسین صاحب ممبران کارکن کی دلی توجہ ہے۔ کیونکہ صرف انکے علاقوں میں قریب نصف کے
کل میں سے دعوتیں ہوئی ہیں۔ باقی نصف میں تمام شہر اور بیرون شہر ہے۔ اگر ان دعوتوں کے صرف کا تخمینہ
کیا جائے تو کم سے کم ڈھائی سو [۲۵۰] روپے ہوتا ہے۔ یہ بھی ایک معقول مد ہے۔ جو مسلمانوں نے یتیمخانہ انجمن کو دی اور
اجناس مثل پارچہ پوشیدنی وظروف واسباب قابل استعمال یتیمان و قرآن مجید وغیرہ وغیرہ مختلف قسم کی چیزیں
جو یتیم خانہ میں داخل ہوئی ہیں۔ انکی تعداد چار سو چون [۴۵۴] ہے اور اکیس [۲۱] مرتبہ میں داخل یتیم خانہ ہوئی ہیں ان کی
قیمت کا تخمینہ ایک سو چھیانوے [۱۹۶] روپیہ آٹھ آنے ہے۔ ان اشیار کی مفصل فہرست مع اسمائے گرامی عطا
کنندگان ہمرشتہ رپورٹ ہذا ہے۔ جملہ امور مذکورہ بالا کے ملاحظہ سے صاف ظاہر ہے کہ قوم امداد یتیمان و
لاوارثان و نومسلمان پر کیسی متوجہ ہے والحمد للہ علی ذالک۔ ان چیزوں میں سے پارچہ پوشیدنی یتیمیں
و نومسلموں کے صرف میں آگیا۔ اور باقی اسباب استعمال میں آرہا ہے۔ پرورش یتیمان کے ضمن میں جو نومسلم قابل
امداد بھیجے گئے انکو بھی یتیمخانہ میں رکھا گیا۔ اور کھانا کپڑا مثل یتیموں کے دیا گیا۔ اور مذہبی تعلیم دی گئی۔ ان میں سے
بعض دو دو تین تین مہینے اور بعض پانچ پانچ چھ چھ مہینے رہکر چلے گئے۔ چونکہ اب وہ چلے گئے ہیں کوئی نہیں
باقی نہیں ہے اسواسطے انکا مفصل ذکر کرنا ضرور نہیں اسقدر عرض کرنا کافی ہے کہ امداد نومسلمان کا یہ طریقہ

غیر مفید ثابت ہوا ہے۔ انجمن کو کوئی دوسرا طریقہ امداد نومسلمان کا تجویز کرنا مناسب ہے۔

شروع سال میں حسب منظوری انجمن ایک خیاط بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار بچوں کو درزی کا کام سکھانے کے واسطے رکھا گیا تھا۔ خیاط کا بھی یہی اقرار تھا اور امید بھی تھی کہ تھوڑے عرصہ میں خیاطی کا کارخانہ جاری ہو جائیگا۔ اور بچوں کو اسقدر کام آجائیگا کہ انکی مزدوری سے اُستاد کی تنخواہ نکل آیا کرے گی۔ چنانچہ اول اول کارخانہ خیاطی میں کام بہت آیا۔ قریبًا کل ممبران کارکن نے ایک ایک دو دو بار کپڑے سینے کے لئے بھیجے مگر وقت پر اور حسب مرضی کام کے طیار نہونے کی وجہ سے کارخانہ میں کام آنا بند ہو گیا۔ سو روپیہ کے قریب اس کارخانہ پر خرچ ہوا اور صرف تیس روپیہ آمدنی ہوئی۔ اور زیادہ تر افسوس یہ ہے کہ بچوں کو اُمید کے موافق کام نہیں آیا۔ اِن شاءَ اللہُ تعالیٰ عنقریب اسکا معقول انتظام کیا جائے گا۔

شروع سال میں عملہ یتیمخانہ حسب ذیل تھا۔ خیاط دس روپیہ ماہوار۔ داروغہ سات روپیہ ماہوار اور کھانا۔ معلم سات روپیہ ماہوار اور کھانا۔ باورچی چار روپیہ ماہوار اور کھانا۔ سقہ چودہ آنے ماہوار۔ دھوبی بارہ آنے ماہوار۔ خاکروب آٹھ آنے ماہوار۔ اور مکان یتیم خانہ آٹھ روپیہ ماہوار۔ صبح کے سات بجے سے گیارہ بجے تک نصف بچے کام سیکھتے تھے اور نصف بچے تعلیم پاتے تھے۔ گیارہ بجے کھانا کھلایا جاتا تھا۔ ایک بجے سے پانچ بجے تک صبح کے پڑھنے والے بچے کام سیکھتے تھے اور کام سیکھنے والے پڑھتے تھے۔ اسطرح معلم اور خیاط دونوں تمام دن کام میں مصروف رہتے تھے۔ اب تین مہینے سے انتظام یتیمخانہ میں بعض مصلحتوں کی وجہ سے یہ ترمیم کی گئی ہے کہ معلم اور داروغہ کے عہدوں کو موقوف کر کے ایک مولوی صاحب بمشاہرہ ۱۵ روپیہ ماہوار اور کھانا مامور کیئے گئے ہیں۔ اور اس عہدہ پر جو شخص مقرر ہوگا وہ منتظم یتیم خانہ کے لفظ سے نامزد کیا جائے گا

منتظم یتیمخانہ کے فرائض حسب ذیل ہیں۔ (۱) انتظام یتیمخانہ کے متعلق کل کام جو داروغہ کے ذمہ تھے (۲) اور تعلیم کے متعلق کل کام جو معلم کا فرض تھا۔ (۳) علاوہ اسکے ہفتہ میں ایک بار مکان یتیمخانہ میں وعظ کہنا۔ (۴) اور مستعد طالب علموں کو درس دینا (۵) نومسلموں کو احکام اسلام و ضروریات دینی کا تعلیم دینا۔

مولوی محمد اسلم صاحب جو ایک مشہور و معروف خاندان علماء کے ایک رکن اور نہایت مستعد و صالح اور دیندار عالم ہیں منتظم یتیمخانہ مقرر کیئے گئے ہیں۔ اگرچہ مولوی صاحب کے تقرر کو بہت ہی کم عرصہ ہوا ہے۔ بایں ہمہ

انتظام یتیم خانہ و تعلیم اطفال میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ بچوں کے اخلاق و عادات درست ہوتے جاتے ہیں۔ اُمید ہے کہ سال حال میں حُسن اہتمام منتظم صاحب سے بتائیدات آلہی یتیم خانہ کی حالت خاطرخواہ ہو جاوے گی۔

خورد سال بچوں کی خدمت و نگرانی اور دوسرے کاموں کے واسطے مثل روشنی و جھاڑو و خرید جناس وغیرہ کے ایک خدمتگار کی اشد ضرورت تھی۔ چنانچہ بمنظوری انجمن بمشاہرہ ڈھائی روپیہ ماہوار اور کھانے کے عرصہ تین ماہ سے رکھ لیا گیا ہے۔ اس سے نگرانی و خدمتگزاری اطفال خوردسال میں بہت مدد ملتی ہے۔

اب عملہ یتیمخانہ حسب ذیل ہے۔ منتظم یتیمخانہ بمشاہرہ عـــہ روپیہ ماہوار مع کھانا۔ خیاط بمشاہرہ عہ روپیہ ماہوار۔ باورچی بمشاہرہ للعہ روپیہ ماہوار اور کھانا۔ خدمتگار بمشاہرہ للعہ روپیہ اور کھانا۔ سقہ عہ روپیہ ماہوار۔ دھوبی عہ روپیہ ماہوار۔ خاکروب ۸ر آنہ ماہوار۔ اُوپر کان یتیمخانہ شلعہ روپیہ ماہوار۔

اسوقت بیس ٢٠ بچے زیر پرورش ہیں۔ اٹھارہ ١٨ لڑکے اور دو ٢ لڑکیاں۔ ان میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر دہلی کا مرسلہ ہے۔ اور آیندہ بھی جو لاوارث مسلمان بچے آئینگے ہمارے یتیمخانہ میں بھیجے جائینگے۔ یتیمخانہ کی کامیابی کی یہ ایک مبارک فال ہے۔

صبح کے سات بجے سے گیارہ بجے تک تعلیم دینی و دنیوی دیجاتی ہے۔ گیارہ بجے کھانا دیا جاتا ہے۔ ایک بجے تک چھٹی رہتی ہے ایک بجے سے چھ بجے تک خیاطی کام سکھاتا ہے۔ رات کے آٹھ بجے دوسرے وقت کا کھانا دیا جاتا ہے۔ پانچوں وقت نماز بہت تاکید سے پڑھائی جاتی ہے۔ عید کے دن بعد غسل و تبدیل لباس اہتمام کے ساتھ بچے جامع مسجد میں نماز کو جاتے ہیں۔ بعد نماز عید یتیمخانہ میں منتظم صاحب التزام کے ساتھ وعظ فرماتے ہیں۔ بالفعل وعظ میں احکام نماز و روزہ کا زیادہ تر بیان ہوتا ہے تاکہ بچوں کو ارکان اسلام سے بخوبی واقفیت ہو جاوے۔ اہل اسلام کو لازم ہے کہ مجلس وعظ میں حاضر ہو کر ثواب حاصل کریں۔ بیماری کی حالت میں ڈاکٹر عبدالرحمن صاحب اور ڈاکٹر رام سنگھ صاحب علاج کرتے ہیں یونانی طبیبوں میں حکیم محمد اجمل خاں صاحب اور حکیم رضی الدین احمد خاں صاحب خصوصیت کے ساتھ توجہ فرماتے ہیں ضرورت کی حالت میں کیسی ہی بیش قیمت دوا ہو خرید کر بیمار بچے کو دیجاتی ہے۔ اور جہانتک ہو سکتا ہے بچوں کی

تیمارداری اچھی طرح کی جاتی ہے۔ علاوہ تیمارداری کے بچوں کی پرورش و تعلیم و نگرانی و انتظام یتیم خانہ انجمن وکفایت شعاری مصارف یتیم خانہ میں حتی الامکان کوشش کیجاتی ہے۔ ممبران انجمن ودیگر بہی خواہان سے التماس ہے کہ براہ ہمدردی قومی وحمیت اسلامی کبھی کبھی یتیم خانہ میں تشریف لاکر حالات یتیم خانہ بچشم خود ملاحظہ فرمائیں اور اپنی نیک صلاحوں سے مہتممان یتیم خانہ کو ممنون فرمائیں۔ بغیر دیکھے اہل غرض و بدخواہان انجمن کی بدگوئیوں کا ہرگز اعتبار نہ کریں۔ گوشوارہ حسابات مصارف انجمن جو مفصل طور پر مرتب کیا گیا ہے ملاحظہ ہو

والسلام علی اہل الاسلام

گوشوارہ مصارف یتیم خانہ انجمن مؤید الاسلام دھاکہ بابت سنہ ۱۳۱۱ھ

[illegible]	تعداد یتیمان			خلاصہ تفصیل اخراجات قسم وار یتیم خانہ							[illegible]
	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
ماہ محرم الحرام سنہ ۱۳۱۱ھ	۸	۱۱	۱۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ صفر سنہ ۱۳۱۱ھ	۸	۱۱	۱۹	۱۴ ر	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۱ھ	۹	۱۲	۲۱	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۱ھ	۹	۱۲	۲۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ جمادی الاولی سنہ ۱۳۱۱ھ	۱۰	۸	۱۸	[illegible]	[illegible]	۱۴ر۳ م	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ جمادی الاخری سنہ ۱۳۱۱ھ	۱۰	۸	۱۸	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ رجب سنہ ۱۳۱۱ھ	۱۰	۷	۱۷	۰	[illegible]	۲ر۹ م	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ شعبان سنہ ۱۳۱۱ھ	۹	۸	۱۷	ار۳ م	[illegible]	ار۹ م	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ رمضان سنہ ۱۳۱۱ھ	۹	۸	۱۷	[illegible]	[illegible]	ار۹ م	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ شوال سنہ ۱۳۱۱ھ	۹	۸	۱۷	۰	[illegible]	ار۹ م	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ ذیقعد سنہ ۱۳۱۱ھ	۱۱	۷	۱۸	[illegible]	[illegible]	۱۴ ر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ماہ ذالحجہ سنہ ۱۳۱۱ھ	۱۱	۸	۱۹	[illegible]	[illegible]	ار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
میزان	۱۱۳	۱۰۸	۲۲۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

سالانہ رپورٹ کارروائی انجمن مؤیدالاسلام دہلی بابت سال دوم سنہ ۱۳۱۱ ہجری علی صاحبہا الف الف تحیۃ منجانب خاکسار محمد الٰہی بخش خاں سکرٹری انجمن غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ

نحمدہ ونستعینہ ونصلی علی حبیبہ ونبیہ ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی یاایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما

حضرت صدر انجمن وحاضرین جلسہ ۔ یہ مختصر روداد ہے کارروائی انجمن کی جو ممبران کارکن ومعاونان انجمن کی کوششوں سے عمل میں آئی ۔ اللہ تعالی کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ سال اول سے سال دوم اچھا گزرا ۔ اور اسکے فضل وکرم سے امید ہے کہ بطفیل اپنے حبیب پاک کے سال حال کو اس سے بھی زیادہ مبارک کرے گا ۔

گذشتہ سال میں کل آمدنی دوہزار سات سو آٹھ روپیہ دس آنے چار پائی اور خرچ ایک ہزار ایک سو ساٹھ روپیہ دو آنے دس پائی ہوا تھا بعد منہائی خرچ ایک ہزار پانسو سینتالیس روپیہ سات آنے چھ پائی باقی تھا ۔ اس سال میں کل آمدنی چار ہزار چھسو چہتر روپیہ نو آنے تین پائی نقد ہوتی ۔ جسکی میزان کل ۶۲۲۲ ہوئی ۔ اور کل ایک ہزار آٹھ سو اڑتیس روپیہ پندرہ آنے چھ پائی سال حال میں خرچ ہوا ۔ کل خرچ کو وضع کرکے ۴۳۸۳ باقی رہا ۔ اور خزانہ انجمن میں موجود ہے ۔ علاوہ اسکے ایک مکان پختہ واقع گلی چابک سواران محاذی کمرہ زینت محل مالیتی تخمیناً ۔۔۔ ہزار کا فرشتہ خو کریم النفس ہمہ تن خیر حاجی شیخ نور بخش صاحب سوداگر ساکن محلہ ملیماران نے یتیمخانہ انجمن و مدرسہ دینیہ کیواسطے وقف کر کے انجمن کے نام وقفنامہ بنا دیا ہے شیخ صاحب کی اس فیاضی نے مسلمانوں میں امداد انجمن کا ایک جوش پیدا کر دیا ہے الدال علی الخیر کفاعلہ کے مصداق شیخ صاحب موصوف ہیں آیندہ جو صاحب اسطرح کچھ عنایت فرمائینگے اسکا ثواب مثل عطا کنندہ کے اُنکے نامہ اعمال میں لکھا جائے گا ۔ ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم ۔ اسیطرح مغفرت مآب خیر الناس شیخ محمد حسن صاحب مرحوم بزرگ خاندان شیخ احمد بائی صاحب نے اپنے زمانہ حیات میں ایک کوٹھی مع بالاخانہ دردبست واقع بازار چاندنی چوک کوچہ قابل عطار متصل عجائب خانہ مالیتی تخمیناً پندرہ ہزار روپیہ کی وقف کرکے

اُسکا چار صاحبوں کو متولی کیا ہے اور یہ وصیت کی ہے کہ اسکی کل آمدنی جو یقیناً پچاس روپیہ ماہوار ہوگی مصارف یتیمخانہ انجمن مؤید الاسلام دہلی میں دیجائے۔ اللہ تعالےٰ اُس باذل و کریم کو غریق رحمت فرمائے۔ اور اُسکے پس ماندگان کی مدد کرے اور اُنکو امور خیر میں مرحوم کا سچا جانشین بنائے۔ یہ دُکان حال میں از سر نو تعمیر ہوئی ہے ابھی تک آباد نہیں ہوئی۔ جب کرایہ دار آجائیگا اسوقت اِن شاء اللہ تعالےٰ متولیان و وارثان جناب مغفور و مرحوم اسکی آمدنی یتیمخانہ میں بھیجنے لگیں گے۔

مہتممان یتیمخانہ کی رپورٹ سے ظاہر ہے اس سال میں امداد یتیمان قوم مسلمان کے واسطے کثرت سے پارچہ پوشیدنی و اسباب قابل استعمال مختلف قسم کا یتیمخانہ میں آیا۔ اور یتیموں کی دعوتیں بھی کثرت سے ہوئیں مصارف دعوت و قیمت اشیاء کا اگر اندازہ کیا جائے تو تقریباً ساڑھے پانسو روپیہ ہوتا ہے یہ بھی ایک قابل قدر امداد ہے۔ انجمن تہ دل سے ایسے ہمدردان قوم کا شکریہ ادا کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مذکورہ بالا تمام حامیان اسلام کو دنیا و دین میں اسکا اجر جزیل عطا فرمائے۔ اور اُنکا ذکر جمیل شہرۂ آفاق کرے۔

علاقہ وار وصول چندۂ آرد و متفرقات میں بھی اگرچہ خاطر خواہ نہیں۔ مگر پھر بھی اول سال سے سال دوم میں ممبران کارکن نے بہت زیادہ کوشش و توجہ فرمائی ہے۔ خاصکر علاقہائے جناب حکیم ظہیر الدین احمد خاں صاحب و جناب حکیم رضی الدین احمد خاں صاحب و جناب مولوی محمد حسین صاحب ممبران کارکن علاقہ نمبر ۱۰ و ۱۱ و ۱۲۔ و جناب حکیم محمد اجمل خان صاحب و جناب حکیم احمد سعید خاں صاحب و جناب حاجی عبد الغنی صاحب ممبران کارکن علاقہ نمبر ۶ و ۷ و ۸۔ میں جس سرگرمی اور جوش دلی سے جملہ اقسام کے چندوں کے وصول میں سعی و کوشش کی گئی ہے اُسکے بیان سے میری زبان قاصر ہے ان حضرات کا شکریہ مجھسے ادا نہیں ہو سکتا جنکی رضامندی کے واسطے انہوں نے یہ کام کئے ہیں اسکا اجر اُسی پر چھوڑتا ہوں۔ واللہ لا یضیع اجر المحسنین۔ انجمن کو جناب حکیم احمد سعید خاں صاحب کی عدم موجودگی سے بیحد صدمہ پہنچا ہے۔ جناب موصوف اپنے برادر معظم کی خدمت میں کلکتہ تشریف لیگئے ہیں۔ اب انجمن کو ویسا سرگرم ہر دلعزیز ممبر کارکن ملنا دشوار ہے۔ اور جناب منشی محمد کرم اللہ خان صاحب کی توجہ دلی و کوشش بلیغ کا تذکرہ کرنا ناممکن ہے۔ خانصاحب موصوف جملہ انجمن کی روح رواں ہیں تمام اپنی ہمت اور وقت کو انجمن کے کاموں میں وقف کر دیا ہے۔ میرے پاس ایسے لفظ نہیں ہیں جو میں اُنکی سعی

کوشش کی بابت بیان کروں۔ اور جناب مولوی محمد حسین صاحب نے جس مسرت و خوشدلی کے ساتھ باوجود علالت متواترہ بغیر امداد چپراسی و معاون اپنے علاقہ میں سے خود ہر دروازہ پر جا کر برابر ایک سال تک آٹا اور دیگر اقسام کا چندہ وصول کیا ہے انکی خلوص نیت کا شاہد ہے اپنے علاقہ کے انتظام کے سوا جو بجائے خود ثلث شہر ہے مولوی صاحب موصوف نے اہتمام مدرسہ زنانہ و انتظام دیگر علاقجات مثل علاقہ پہاڑ گنج وغیرہ میں جو کچھ سعی فرمائی ہے وہ اسکے علاوہ ہے۔ ایسے باہمت محنت سے نہ تھکنے والے ممبروں کی انجمن کو سخت ضرورت ہے۔

میں اُن ممبران کارکن کا بھی ذکر کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ جنہوں نے ماہ رمضان المبارک گذشتہ میں روزہ کی حالت میں گرمی اور دھوپ میں کتنی دن تک برابر بازاروں میں یتیم لاوارث بے یار و مددگار مسلمان بچوں کے واسطے گداگری کی۔ الحمد للہ کہ ہر ایک مسلمان نے اپنی حیثیت کے موافق انکو دیا اور انکا سوال ردّ نہیں کیا صدر بازار تیلی واڑہ۔ کشن گنج۔ ہندوراؤ کے باڑہ میں سے جناب حاجی محمد اسحاق صاحب و جناب حاجی عبد الغنی صاحب و جناب حافظ عبد الکریم صاحب و جناب نواب خیر محمد صاحب و جناب حاجی نور احمد صاحب و جناب حاجی انعام اللہ صاحب نے قریب دو سو روپیہ کے وصول کیا۔ اور بازار فتحپوری اور چاندنی چوک بلیماران میں سے جناب حاجی عبد الغنی صاحب و جناب شیخ نور الٰہی صاحب و جناب شیخ مظفر حسین صاحب و جناب شیخ احسان اللہ صاحب و جناب حاجی انعام اللہ صاحب نے دو سو روپیہ سے کچھ زیادہ وصول کیا۔ شیخ محمد الدین صاحب اور سید احمد صاحب امام نے قریب ساٹھ روپیہ کے جامع مسجد میں سے الوداع کے دن وصول کیا۔ اللہ تعالےٰ ان بزرگوں کی ہمت میں برکت دے۔

سب سے بڑی رقم جو اس سال میں وصول ہوئی وہ پانسو روپیہ (۵۰۰) جناب حاجی عبد الرزاق صاحب سوداگر کلکتہ اور شیخ محمد رفیع صاحب سوداگر لاہور کے ہیں جو حافظ عبد الکریم صاحب کی وساطت سے وصول ہوئے اور دوسری رقم دو سو ایک روپیہ کی بمبئی کے چندہ کی ہے۔ جو جناب حاجی محمد اسحاق صاحب سفر بمبئی میں بنفس نفیس وصول کر کے لائے تیسری رقم دو سو کی ہے۔ جو حضور بیگم صاحبہ والیہ بھوپال نے ہنگام رونق افروزی دہلی عطا فرمائی۔ اور چوتھی رقم سو روپیہ کی ہے جو جناب نواب نصیر الدین احمد خانصاحب خلف نواب ضیاء الدولہ مرحوم نے حیدرآباد سے بوساطت سید حسن رضا خان صاحب مرحمت فرمائی۔ پانچویں رقم سو روپیہ کی ہے جو خان بہادر

مرزا محمد اسمعیل خانصاحب ایجنٹ رئیسہ کرناٹک نے زمانہ قیام دہلی میں یکمشت عطا فرمائی۔ اور پانچ روپے ماہوار مقرر کیا۔ چھٹی رقم سو روپیہ کی ہے جو جناب مولوی حسن علی صاحب اغظ اسلام کے وعظ میں جناب حاجی محمد صاحب و جناب سیٹھ حاجی زکریا صاحب رئیس بمبئی نے بوساطت حاجی نور احمد صاحب عطا فرمائی۔ سو روپیہ سے کم کی جو رقمیں ہیں انکا ذکر کرنا خالی از طول نہیں ہے۔ حساب میں طبع ہو کر شائع کیجائیں گی۔ مگر میں ستر روپیہ کی مبارک رقم کا بڑی خوشی سے ذکر کرونگا۔ یہ ستر روپیہ کی رقم چار شادیوں میں حاجی عبد الغنی صاحب وحاجی انعام اللہ صاحب و حاجی نور احمد صاحب کی حسن سعی سے وصول ہوئی ہے۔ فی شادی بائیس روپیہ وصول ہوئے ہیں۔ گیارہ دولہا والے اور گیارہ دولہن والے نے بڑی خوشی کے ساتھ مرحمت فرمائے ہیں عطا کنندگان کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ **اول** جناب حاجی شیخ کرم الٰہی وحافظ احسان اللہ صاحبان عہ ۲۲ **دوم** جناب شیخ نور الٰہی وشیخ اللہ دیا صاحبان عہ ۲۲ **سوم** جناب شیخ اللہ دیا وشیخ محمد اسمعیل صاحبان عہ ۲۲ **چوتھی** شادی میں صرف جناب حاجی شیخ کرم الٰہی صاحب نے عہ ۱۱ عنایت فرمائے۔ حق یہ ہے کہ ان بزرگوں نے وہ مبارک دستور جاری کیا ہے جسکی تعریف نہیں ہو سکتی۔ خدا تعالیٰ اس نیک دستور کے جاری کرنے والوں کو شاد و فائز المرام فرمائے۔ چونکہ یہ دستور پنجابی صاحبان میں جو ایک نہایت اولوالعزم اور بذل و نوال میں مشہور قوم ہے۔ اور درحقیقت اسی قوم کی سخاوت پر اس انجمن کا مدار ہے شروع ہوا ہے امید ہے کہ ہمیشہ یہ دستور جاری رہے گا اور یوماً فیوماً اسمیں ترقی ہوگی۔ خدا تعالیٰ اس قوم میں کثرت و برکت ان کی اولاد اور مال میں افزونی عطا کرے۔ اور اس مبارک قوم کو دنیا و دین میں سرافراز فرمائے۔

اب مجھے آمدنی کے وسائل کے متعلق دو امر کا بیان کرنا باقی رہ گیا ہے۔ پہلے عید الضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالوں کی قیمت وصول کرنے میں جو کارروائی ہوئی ہے وہ عرض کرتا ہوں۔ گزشتہ سال میں اسی موقع پر کچھ کم دو سو روپیہ وصول ہوئے تھے۔ اس سال کچھ کم چار سو روپیہ وصول ہوئے۔ جو تقریباً دو چند سے کسیقدر کم ہے۔ میں ممبران کارکن کا نہایت شکرگزار ہوں۔ کہ انھوں نے وصول چندہ کے اس موقع کو بھی خالی نہیں چھوڑا۔ اور جہانتک ہو سکا کھالوں کی فراہمی میں سعی فرمائی۔ جناب مولوی محمد حسین صاحب نے جو اس تجویز کے محرک ہیں عین حالت بیماری میں قرار واقعی کوشش و محنت کی۔ اور شیخ محمد الدین صاحب

نے جس سرگرمی اور شوق دلی سے کھالوں کی فراہمی میں کوشش کی ہے اور جو محنت شاقہ برابر کئی روز تک اُٹھائی ہے وہ شکرگزاری کے قابل ہے۔ اس اللہ کے نیک بندے نے عید کے دن کو جو عزیز و قریب اور یار و آشنا سے ملنے کا دن ہے اسی نیک کام میں صرف کیا۔ اور گھر گھر اور در در پھر کر ایک معتدٌ رقم جس کی تعداد ۸۵ روپیہ سے کچھ کم آتی ہے وصول کی۔ یہ اِن کے نفس واحد کی کوشش کا حاصل ہے ماشاءاللہ ہمارے شیخ صاحب کا وصول چندۂ قربانی میں اول نمبر ہے۔ اللّٰھم زد فزد۔

آخر میں وصول چندۂ ممبری کا ذکر کرتا ہوں۔ اول سال میں عالیجناب نواب صاحب دوجانہ نے دو سو روپیہ سال مقرر فرما کر سال اول کا چندہ مرحمت فرما دیا۔ سال دوم کا ابھی تک وصول نہیں ہوا اور عالیجناب نواب صاحب لُہارو نے اول سال ۱۲۵ سوا سو روپیہ سال مقرر فرمایا تھا۔ یہ چندہ دونوں برسوں کا ابھی تک وصول نہیں ہوا۔ اُمید ہے کہ سال حال میں دونوں سرکاروں سے کل وصول ہو جائیگا۔ اور عالیجناب نواب صاحب پاٹودی کی سرکار سے بھی ضرور کچھ سالانہ مقرر ہو جائے گا۔

جو ممبر ساٹھ روپیہ سال دیتے ہیں اُنکے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں۔ خان بہادر مرزا محمد اسمعیل خاں صاحب ایجنٹ رئیسہ کرناٹک۔ جناب مولوی احمد حسن صاحب تعلقہ دار ریاست حیدرآباد۔ عالیجناب بیگم صاحبہ والئیہ لُہارو پچاس ۵۰ روپیہ سال جو حضرات عطا فرماتے ہیں اُنکے نام نامی یہ ہیں۔ جناب حاجی عبد الرزاق صاحب سوداگر کلکتہ۔ جناب شیخ محمد رفیع صاحب سوداگر لاہور۔ جناب چھوٹے مرزا صاحب رئیس دہلی۔ چھوٹے مرزا صاحب نے سال حال میں بجائے پچاس ۵۰ روپیہ کے سو روپیہ عنایت فرمائے ہیں۔ اس سال میں مرزا صاحب چندہ ممبری میں سب سے اول ہیں۔ اسکے سوا اکثر ممبران کارکن بارہ روپیہ سال اور بعض زیادہ اور بعض کم دیتے ہیں تقریبًا پچاس ممبر مع ممبران کارکن بارہ روپیہ سال دیتے ہیں۔ باقی ممبران چندہ لازمی ادا کرتے ہیں۔ کل تعداد ممبران دو سو سے زیادہ نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ تعداد کسیطرح قابل اطمینان نہیں ہے معہذا بعض صاحبوں نے پورے سال کا چندہ لازمی بھی ادا نہیں کیا۔ اس امر میں اہل اسلام کو عمومًا اور ممبران کارکن کو خصوصًا قرار واقعی توجہ فرمانی چاہیئے۔ یہی ایک ذریعہ آمدنی انجمن کا ایسا ہے جسپر بھروسا ہو سکتا ہے۔ میں اُن صاحبوں کا بھی تہ دل سے شکرگزار ہوں جنھوں نے بطور ممبر معاون وصول چندہ میں

ممبران علاقہ کو مرحمت ہوئی ہے۔ اُمید ہے کہ وہ آیندہ بھی بدستور ساعی و کوشاں رہینگے انکے اسمار گرامی علاقہ وار حساب وصول چندہ میں جو طبع ہو کر شائع کیا جائے گا ممبران علاقہ کے ساتھ لکھے جائینگے۔ اس سال میں علاقہ وار جو آمدنی ہوئی اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

سکرٹری انجمن مؤید الاسلام	منشی محمد کرم اللہ خانصاحب	حکیم محمد اجمل خاں صاحب و حکیم احمد سعید خاں صاحب و حاجی عبدالغنی صاحب	حکیم ظہیر الدین احمد خاں صاحب و حکیم رضی الدین احمد خانصاحب و مولوی محمد حسین صاحب
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
نواب فیض احمد خاں صاحب	حاجی محمد انعام اللہ صاحب	شیخ محمد اسمعیل صاحب	مرزا قادر بخش صاحب
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
نواب خیر محمد صاحب	حافظ عبد الغفار صاحب	سید احمد صاحب امام و شیخ محمد الدین صاحب	حاجی محمد اسحاق صاحب
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شیخ محمد الدین صاحب			
[illegible]			

علاوہ ازیں اس مہینے میں شیخ غلام احمد صاحب سوداگر ساکن حویلی کالے صاحب نے مبلغ [illegible] براہ دریا دلی یکمشت عطا کیا۔ شیخ صاحب کا تہ دل سے انجمن شکریہ ادا کرتی ہے۔

واضح ہو کہ شیخ محمد الدین صاحب ممبر کارکن نے تقریباً تین مہینے سے کام شروع کیا ہے اس قلیل عرصہ میں یہ رقم وصول کی ہے شیخ صاحب اپنے علاقہ میں ایسی سرگرمی اور استقلال سے کام کر رہے ہیں جس سے امید ہوتی ہے کہ جسطرح وہ وصول چندہ قربانی میں اول رہے ہیں اسیطرح وصول چندہ ممبری ماہوار و متفرقات علاقہ میں بھی امتیاز حاصل کرینگے اللہ تعالیٰ انکی سعیوں کو مشکور فرمائے۔

انجمن کو قومی واعظوں کی بڑی ضرورت ہے۔ ہمارے شہر کے متبرک واعظین بہت کم توجہ فرماتے ہیں بیرونی واعظین میں سے حسب اتفاق جناب مولوی حسن علی صاحب واعظ اسلام وارد دہلی ہوئے تھے انھوں نے

ایک وعظ امداد انجمن کے متعلق جامع مسجد میں فرمایا تھا۔ اُسیوقت قریب ۸۰ روپیہ کے وصول ہوگئے۔ اور دوسرا وعظ مکان یتیمخانہ میں فرمایا۔ اس میں بھی سو روپے سے کچھ زیادہ وصول ہوا۔ مولویصاحب زیادہ نہیں ٹھہر سکے وعدہ فرماگئے تھے کہ پھر کسی موقع پر آکر دو تین مہینے برابر انجمن کی خدمت کرونگا۔ افسوس ہے کہ اُنکو یاد دہانی بھی کی گئی مگر ابھی تک تشریف نہیں لاسکے۔ جناب باری عز اسمہ میں بکمال التجا دعا ہے کہ وہ اپنی قدرت کاملہ سے ہمارے شہر کے واعظوں کو یتیموں کی امداد پر مائل فرمائے وہو ولی التوفیق۔

افسوس ہے کہ چوبیس ۲۴ علاقوں میں سے صرف آٹھ نو علاقوں میں کام ہوتا ہے۔ باقی بے تردد پڑے ہیں علماء و واعظین کی ادنےٰ توجہ سے سب علاقے معمور ہوسکتے ہیں۔ باایں ہمہ اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے اس سال دوم میں انجمن کو للعہ ۱۱۰۸۶ نقد اور قریب پانسو کے بذریعہ دعوت و عطیہ اجناس اور بیس ہزار کی جائداد غیر منقولہ جسکی مجموعی رقم چوبیس ہزار ہوتی ہے حامیان اسلام و بہی خواہان موید الاسلام نے بکمال بلند ہمتی و فراخ حوصلگی و کشادہ دلی مرحمت فرمایا۔ والحمد للہ علی ذالک

اب میں مصارف انجمن و جملہ کارگزاریہائے ممبران کارکن کا ذکر کرتا ہوں۔ یتیم خانہ انجمن میں جسکے مہتمم حاجی عبد الغنی صاحب و منشی محمد کرم اللہ خاں صاحب ممبران کارکن ہیں۔ سال دوم میں بحساب اوسط ۱۷ یتیم اور لاوارث و نو مسلم اشخاص نے پرورش و تعلیم دینی و دنیوی پائی اور حرفت و دستکاری انکو سکھائی گئی۔ اس کی مفصل کیفیت رپورٹ مہتمان یتیمخانہ سے واضح ہوتی ہے۔ کل مصارف متعلق یتیمخانہ ۱۴۹۲ للعہ ہوئے۔ اسوقت یتیمخانہ میں بیس ۲۰ بچے زیر پرورش ہیں ان میں اٹھارہ لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں چونکہ لڑکیاں صرف دو ہی ہیں جب چار پانچ ہوجائیں گی اُسوقت ایک زنانہ یتیمخانہ علیحدہ کردیا جائیگا۔ بالفعل ان میں نو مسلم کوئی نہیں ہے۔ مہتمان یتیمخانہ کی کارروائی قابل اطمینان ہے۔ اہتمام و نگرانی یتیمخانہ قرار واقعی ہوتی ہے اسکے انتظام میں روز بروز ترقی ہوتی جاتی ہے۔ بچے بہت اچھی حالت میں ہیں۔ سب بفضلہ تندرست و توانا و خوش و نیک چلن ہیں مثل اپنے ماں باپ کے گھر کے باآرام تمام رہتے ہیں۔ آپس میں مثل بھائی بہنوں کے اتحاد رکھتے ہیں۔ ایک دسترخوان پر کھاتے ہیں ایک سا لباس پہنتے ہیں ایک جگہ پڑھتے اور کام سیکھتے ہیں۔ پنجوقتہ نماز پڑھتے ہیں۔ تعلیم دینی و دنیوی سے بہرہ مند اور احکام شریعت سے واقف ہوتے جاتے ہیں آٹھویں دن وعظ

سنتے ہیں وجہ معاش کیواسطے کام سیکھتے ہیں۔ جسوقت یہ بچے ایک جگہ جمع ہوتے ہیں۔ کھانا کھاتے ہوں پڑھتے ہوں یا کھیلتے ہوں۔ انکا نظارہ ایسا دل خوش کن اور مسرت بخش ہوتا ہے اور دل پر ایسا تسکین دینے والا اثر ڈالتا ہے کہ دیکھنے والیکا دل ہی اُسکی کیفیت جانتا ہے۔ حق یہ ہے کہ اگر یہی ایک کام اللہ تعالےٰ کو پسند آجائے تو تمام حامیانِ انجمن کے بیڑے پار ہیں۔

عنایت الٰہی سے صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے انجمن کی درخواست منظور فرمالی ہے جسقدر یتیم لاوارث مسلمان بچے کچہری میں آئینگے سب ہماری انجمن کو ملا کرینگے۔ چنانچہ دو بچے مل بھی چکے ہیں انمیں ایک لڑکا ہے اور ایک لڑکی ہے۔ یہ بچے یتیمخانہ میں پرورش پارہے ہیں۔ ارباب ہمت و سخاوت یتیمخانہ کے واسطے مکان و جائداد عطا فرماتے ہیں۔ بچوں کی دعوتیں کثرت سے ہوتی ہیں ہر قسم کے اجناس یتیمخانہ میں چلے آتے ہیں۔ شادیوں میں جوڑے اور نقدی لباس کے واسطے بچوں کو ملتی ہے۔ یہ سب باتیں یتیمخانہ کی آیندہ کی بہبودی کی قوی اُمید دلاتی ہیں۔ اگر خدا کو منظور ہے تو یہ یتیمخانہ بہت جلد ایک بڑا دار الامن یتامیٰ ہونے والا ہے۔ واللہ علی کل شئی قدیر۔

مدرسہ زنانہ بھی روزافزوں ترقی کے ساتھ چل رہا ہے۔ لڑکیاں مذہبی تعلیم پاتی ہیں۔ صبح کے ۷ بجے کہار جو ملازم مدرسہ ہیں لڑکیوں کو اُنکے گھروں سے ڈولی میں لاتے ہیں اور شام کو اُن کے گھروں میں پہنچا دیتے ہیں۔ اِن لڑکیوں کو سوائے تعلیم کے سینا بھی سکھایا جاتا ہے۔ پردہ کی بڑی احتیاط کیجاتی ہے نماز کی بڑی تاکید ہے اب لڑکیوں کو نماز کی ایسی عادت ہوگئی ہے کہ اپنے گھروں پر برابر نماز پڑھتی ہیں اسکی تصدیق اُنکے والدین سے ہوتی ہے۔ مہتممان مدرسہ زنانہ کی کارروائی نہایت عمدہ ہے اور کفایت شعاری قابل تعریف ہے۔ اِس سال مدرسے کا کل خرچ ماللعہ ہوا مفصل کیفیت رپورٹ سے ظاہر ہو جائے گی آپ کو ضرور تعجب ہوگا کہ ایسے ایک معقول مدرسہ میں خرچ کسقدر کم ہے۔ دس روپیہ پانچ آنہ دس پائی ماہوار میں مدرسہ کا چلنا حیرت انگیز بات ہے۔ یہ سب مولوی محمد حسین صاحب اور اُن کی بی بی صاحبہ محترمہ کی فیاضی اور نیکدلی کا سبب ہے۔ مولوی صاحب نے مکان بے کرایہ دے رکھا ہے۔ اُنکی بی بی صاحبہ بغیر تنخواہ کے خود پڑھاتی ہیں سینا سکھاتی ہیں صرف کہاروں اور سقہ خاکروب کی تنخواہیں دی جاتی ہیں۔ مدرسہ کی عمدگی کا

یہ بڑا ثبوت ہے کہ قرب و جوار کے مسلمان اپنی لڑکیوں کو بڑی خوشی کے ساتھ مدرسے میں بھیجتے ہیں اور دور کے محلوں سے برابر درخواستیں چلی آتی ہیں کہ ہماری لڑکیوں کو بھی مدرسے میں داخل کر لو۔ بُعد مسافت کی وجہ سے اُن کی درخواستیں منظور نہیں ہو سکتیں۔ مگر اسی بنا پر انجمن نے مصمم قصد کر لیا ہے کہ ایک دوسرا مدرسۂ زنانہ جاری کیا جائے۔ چنانچہ اسکے متعلق کارروائی ہو رہی ہے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اسی سال میں دوسرا مدرسۂ زنانہ بھی جاری ہو جائے گا۔ اور عجب نہیں کہ ایک تیسرا مدرسۂ زنانہ جاری کرنا پڑے۔ کیونکہ مدارس زنانہ کی ضرورت و فوائد کو لوگ تسلیم کرتے جاتے ہیں اور خواہشمند ہیں کہ زنانہ مدارس زنانہ قائم ہوں یہ سب مولوی صاحب کے خلوص نیت و حسن انتظام کا نتیجہ ہے۔

امداد نو مسلمان کا اب تک یہ طریقہ رہا ہے کہ حسب اقتضائے وقت بعض کو یتیم خانہ میں رکھ کر عقائد اسلام کی تعلیم دی گئی۔ لباس و کھانا وغیرہ سب یتیم خانہ سے دیا گیا۔ پانچ چھ نو مسلموں کو اسطرح امداد دی گئی کوئی چار مہینے کوئی پانچ مہینے بعض چھ سات مہینے رہ کر چلے گئے۔ اب انکی خبر نہیں کہ کس حال میں ہیں۔ یتیم خانہ کی ذیل میں ان نو مسلموں پر تقریباً دو سو روپیہ لباس و خوراک و تعلیم وغیرہ میں صرف ہوئے اور بعض نو مسلموں کو جنمیں دو ایک یورپین بھی تھے۔ بقدر لعہ روپیہ کے معرفت دفتر سکرٹری مدد دی گئی۔ کل رقم تخمیناً دو سو اکسٹھ روپیہ کی امداد نو مسلموں میں صرف ہوئے۔ چونکہ یہ طریقہ امداد غیر مفید ثابت ہوا ہے اسواسطے مجلس کارکن اس امر میں غور کر رہی ہے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ آئندہ کوئی مناسب و مفید تر طریقہ امداد نو مسلمان اختیار کیا جائے گا۔

تجہیز و تکفین اموات لاوارث و محتاج۔ پہلے سال گذشتہ ممبران علاقہ کے زیر نگرانی عمل میں آئی۔ ممبران علاقہ کو اسکے عملدرآمد میں بڑی دقت پیش آتی ہے۔ بہت سے بد اطوار لوگوں کا یہ شیوہ ہے کہ وہ محلوں اور بازاروں میں تجہیز و تکفین اموات لاوارث کے نام سے چندہ کرتے ہیں اور خود برد کر جاتے ہیں اسوجہ سے ممبران علاقہ کو واقعہ کے صحت کی تصدیق میں بہت دشواری ہوتی ہے۔ اور تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ ۲۰ میں میں سے دو اطلاعیں بھی بمشکل سچی نکلتی ہیں۔ جن واقعات کی بخوبی تصدیق ہو جاتی ہے انکی تجہیز و تدفین انجمن کی طرف سے کی جاتی ہے۔ جہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ متوفی کی تجہیز و تکفین کے واسطے چندہ تو ہوا ہے

مگر وہ کافی نہیں ہے۔ اُسموقع پر اُسکی کمی پوری کر دیجاتی ہے۔ چونکہ شہر کے تمام علاقوں میں کام جاری نہیں ہے اسوجہ سے اس مقصد کا اجرا ابھی عام طور پر نہیں ہو سکا۔ جب تک کہ سب علاقوں میں کام جاری نہو اسکی تعمیل بھی پورے طور سے نہیں ہو سکتی۔ جو لاشیں سرکاری اسپتال اور پولس میں آتی ہیں اور اُنکی تدفین میں احکام اسلام کا کچھ لحاظ نہیں ہوتا۔ اُنکے انجمن کو ملنے کیواسطے عالیجناب صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کے حضور میں درخواست پیش ہے۔ اسکی منظوری ہو چکی ہے۔ جزئیات کا فیصلہ ہونا باقی ہے۔ ان شاء اللہ تعالی بعد حصول اجازت ایک باضابطہ عملہ تجہیز و تکفین جداگانہ قائم کیا جائے گا۔ اور زیر نگرانی چند ممبران کارکن انتظام کے ساتھ کارروائی ہونے لگی گی۔ مسلمانوں سے التماس ہے کہ وہ اس کار خیر میں بھی نہایت فیاضی سے شریک ہوں کیونکہ تخمیناً پچاس روپیہ ماہوار اس مد میں صرف ہوگا۔ اور اب تک اس مد میں صرف جناب حاجی محمد اسحاق صاحب نے جو اس تجویز کے اصلی محرک ہیں از راہ حمیت دینی پانچ روپیہ ماہوار مقرر فرمایا ہے جسطرح اب اموات لاوارث کی تدفین ہوتی ہے وہ سب کو معلوم ہے نہ احکام اسلام کا خیال کیا جاتا ہے نہ حرمت موتی کا لحاظ ہوتا ہے مثل دیگر حیوانات کے ایک ٹھیلہ پر لاد کر گڑھے میں ڈال دیا جاتا ہے۔ اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ اکثر اُنکے اعضا کو کتے اور مردار خوار جانور جنگل میں کھینچتے پھرتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ مذہب اسلام میں تدفین اموات میں عجلت کی کیسی فضیلت ہے اور حرمت موتی کی کسقدر تاکید ہے۔ اس باب میں وعید ہے کہ اگر ایک میت بھی مسلمان کی کسی شہر میں بے گور و کفن پڑی رہے گی اسکی تدفین میں تاخیر یا اُسکی تحقیر کیجائے گی تو تمام شہر اُسکے مظلمہ میں گرفتار ہوگا۔ اور ہر مسلمان سے اُس کی نسبت باز پرس ہوگی نعوذ باللہ من ذالک۔

یہی تین چار مقاصد ہیں جنکے اجرا میں بالفعل انجمن مصروف ہے اور اسکا مصمم قصد ہے کہ انکی تکمیل حد مناسب تک ہو جائے گی بعدہ دیگر مقاصد انجمن کی طرف توجہ کرے۔ باانہمہ اگر اہل اسلام باقیماندہ مقاصد انجمن کے اجرا کی طرف توجہ فرماویں اور چندہ سے مدد کریں تو انجمن تعمیل احکام و بجاآوری خدمت کیواسطے بسر و چشم حاضر ہے

انجمن کے اغراض و مقاصد و اصول و قواعد طبع ہو کر شائع ہو چکے ہیں۔ دستور العمل بھی تیار ہو کر مرتب ہو رہا ہے۔ انجمن کو رجسٹری کرانے کی تجویز پر غور ہو رہی ہے۔ سرمایہ انجمن میں سے بقدر چار ہزار روپیہ کے

کسی بیوپار میں لگانے یا کوئی جائداد خریدنے کے معاملہ میں ممبران کارکن و دیگر بہی خواہان انجمن سے رائے طلب ہے۔ بعد فیصلہ قرار داد طے شدہ پر عمل کیا جائے گا۔ اور ان شاء اللہ تعالیٰ اب انجمن کو ذاتی آمدنی سرمایہ سے بھی مدد ملنے لگے گی۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان۔

اب میں اس سال کی آمدنی کا حساب قسم وار آپ صاحبوں کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں۔

آمدنی

چندہ ممبری	چندہ یکمشت	قیمت آرد	متفرقات	میزان کل آمدنی
[illegible] ۱۱ر	[illegible] ۷ر۳ر	[illegible] ۹ر۲ر	[illegible] ۱۳ر۶ر	[illegible] ۹ر۳ر

تفصیل خرچ

مصارف یتیم خانہ	مصارف مدرسہ لسان	مصارف دفتر سکرٹری	فراہمی آرد	متفرقات	میزان کل خرچ
[illegible] ۲ر۶ر	[illegible] ۶ر	[illegible]	[illegible] ۱۲ر۶ر	[illegible] ۱۰ر۶ر	[illegible] ۱۵ر۶ر

باقی	[illegible] ۹ر۹ر
بقایا سنین گزشتہ	[illegible] ۷ر۶ر
میزان کل بقایا	[illegible] ۱ر۳ر

گوشوارہ آمدنی علاقہ وار کہ جسقدر ہر ایک ممبر کارکن سے ماہ وار وصول کیا من ابتدائے یکم محرم سنہ ۱۳۱۱ لغایت آخر ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۱ ہجری بابت سال تمام

نام ماہ و سنہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
محرم سنہ ۱۳۱۱	•	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	[illegible]	•	•	•	[illegible]
صفر سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	•	•	•	•	•	•	[illegible]
ربیع الاول سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	[illegible]
ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	[illegible]
جمادی الاول سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	[illegible]
جمادی الآخر سنہ ۱۳۱۱	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	[illegible]
رجب المرجب سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	•	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	[illegible]
شعبان المعظم سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	[illegible]
رمضان المبارک سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	•	[illegible]	•	•	•
شوال سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	•
ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•	•
ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۱	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	[illegible]	[illegible]	•
میزان کل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

میزان کل [illegible]

العبد
محمد الٰہی بخش خان سکرٹری انجمن

گوشوارہ خرچ انجمن موید الاسلام دہلی بابت سال ۱۳۱۱ ہجری من ابتداء یکم محرم لغایت آخر ذی الحجہ ۱۳۱۱ ہجری-

نام ماہ	مصارف تنخواہ	مصارف مدرسہ [illegible]	مصارف [illegible]	مصارف [illegible]	امداد [illegible] مہمان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان کل [illegible]
محرم ۱۳۱۱ھ	[illegible]	·	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	·	·	·	[illegible]	·	·	
صفر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·		·	·	[illegible]	·	·	
ربیع الاول	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	·	·	·	·	·	·	·	·	
ربیع الثانی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	·	·	·	·	·	·	
جمادی الاولی	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	·	·	·	·	·	
جمادی الاخری	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	·	·	·	·	[illegible]	·	·	
رجب	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	·	·	·	[illegible]	·	·	
شعبان	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	·	·	·	·	·	
رمضان المبارک	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	·	·	·	[illegible]	·	·	
شوال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	·	[illegible]	·	·	·	[illegible]	
ذیقعد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	·	[illegible]	·	·	[illegible]	[illegible]	·	
ذی الحجہ ۱۳۱۱ھ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	
میزان کل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

تقریر جناب مولوی ابو محمد عبد الحق صاحب مصنف تفسیر حقانی

مجھ سے پہلے سکرٹری صاحب انجمن کے متعلق بہت کچھ بیان کر چکے اور معاونین کا تہ دل سے شکریہ بھی ادا کر چکے۔ اب مجھے سب سے اول سکرٹری صاحب کا شکریہ کافۂ انام کی طرف سے ادا کرنا ضرور ہے۔ سکرٹری صاحب کی سرگرمی اور کوشش اس للّٰہی کام کے لیئے قابل تعریف ہے۔ اور سچ پوچھو تو ہمیں غبطہ کرنے کے لائق ہے کہ اس بزرگ نے دنیاوی خدمات سے فارغ ہو کر اخیر عمر کا حصہ کس عمدہ کام میں لگا دیا۔ خدا تعالیٰ ثبات و قیام عطا فرمائے اور صاحبوں کو بھی یہ توفیق عطا کرے مگر سہ این سعادت بزور بازو نیست ٭ گر نہ بخشد خدائے بخشندہ ٭ ہمارے حاضرین جلسہ جو اس سالانہ جلسہ میں تشریف رکھتے ہیں۔ انجمن کی کامیابی کی رپورٹ سنکر بہت خوش ہوئے ہونگے۔ اور شاید یہ بھی سمجھ لیا ہوگا کہ جو کام ہمارے ذمہ پر فرض تھا ہمنے ادا کر دیا لیکن میں سچ کہتا ہوں کہ ابھی آپنے کچھ بھی نہیں کیا۔ انجمن نے ان چار پانچ کاموں کا بیڑا اُٹھایا ہے۔ اول یتامیٰ کی پرورش اور ان کی تعلیم۔ ابھی بہت سے یتامیٰ اور مساکین آپ کی عدم توجہی سے آپکے پاس نہیں آئے۔ اور یہ کسقدر افسوس بلکہ عبرت نہیں نہیں بلکہ غیرت کا مقام ہے کہ تمہارے اسلامی بھائیوں کے وہ مصیبت زدہ معصوم بچے کہ جنہوں نے آنکھ کھول کر بجائے ماں باپ اور انکی شفقت کے اجنبی صورتیں اور سٹرک کا کونہ دیکھا اور جب اپنی پیاری اماں اور مہربان باپ کو یاد کر کے بھوک پیاس سے مجبور ہو کر روتے اور بسورتے ہیں تو عرش کو جنبش ہوتی ہے اور آسمان والوں کے دل ہلجاتے ہیں۔ مگر اللہ رے ہمارے سنگین دل وہ نہیں ہلتے اور نہ خیال آتا ہے کہ خدا نخواستہ اگر گردش دہر سے ہمارے بچوں کی یہ نوبت ہو تو کیا ہو۔ پھر وہ بچے جو اسلامی پودے ہیں بغیر مذاہب پادریوں کے دست برد ہو کر اسلام اور آخرت کا ذریعہ بھی کھو بیٹھیں اور ہم انکی کچھ بھی دستگیری نکریں۔ اور اپنے عیش و آرام کا کوئی بھی حصہ خداوند کے شکریہ میں اس طرف متوجہ نکریں۔

اس مجلس میں اکثر صاحب اولاد ہونگے۔ پھر کوئی تھوڑی دیر کے لیئے یہ تصور کر لے کہ خدا نخواستہ میں دنیا سے اُٹھ جاؤں۔ اور ساتھ ہی بیوی اور دیگر اقارب بھی چل بسیں یا پہلے سے چل بسے

ہوں۔ اور گھر و بھی کچھ نہ رہے صرف چھوٹے چھوٹے بچے رہجاویں جو پیار سے تمہارے گلوں میں ہاتھ ڈالکر چمٹتے اور ناز کرتے ہیں اور تم اُن پر مکھی بیٹھنا بھی روا نہیں رکھتے۔ پھر وہ ہائے اماں ہائے ابا کرکے روئیں۔ اور انکو پولیس جاکر پادری صاحب کے حوالہ کردے اور پادری صاحب اُنکو کرسٹان بنائیں۔ اور تمہارے نازپروردہ لڑکے کو انگریزوں کا انجام کار خدمتگار اور کرسٹانوں کا کاسہ لیس بنائیں اور تمہاری پیاری بچی جوان ہوکر کرسٹانوں کن کرسٹانوں ڈھیر چماروں کے سامنے پھرے اور پھر کسی چمار سے بیاہی جاوے اس تصور سے دل پھٹ جائے تو تعجب نہیں۔ اسی مضمون کیطرف قرآن مجید میں ایک جگہ اشارہ ہے۔

وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ۝

کیوں صاحبو! بھلا اس وقت اپنی اولاد کے ساتھ تم کیا کچھ سلوک نہیں کروگے؟ پھر یہ کس کی اولاد ہیں تمہارے اسلامی بھائیوں کلمہ گویوں کی یہ بھی تمہاری ہی اولاد ہے۔

اس ورد مندی کے کام کا دنیا میں ایک یہ ثمرہ ہے کہ خدا تعالیٰ تیلطفے پر شفقت کرنے والے کے بال بچوں کو یتیم اور بیکس نکریگا۔ علمار کرام نے اپنی تفاسیر میں اس آیت کے تحت میں صاف لکھدیا ہے اور یہ نہایت عمل مجرب ہے۔ خدا چاہے ایسے شخص پر اگر مصیبت کا پہاڑ بھی آوے تو ان معصوموں کی خدمت سے ٹل جاوے۔ یہ رب السموات کا شکر ہے۔

تجربہ ہوا ہے جو دنیا میں سنگدل عیاش متکبر یتیموں اور بیکسوں سے بے پروا نخوت شعار ہوتے ہیں۔ قہرمان آسمانی اس شخص کو ایک روز اسی گڑھے میں اوندھا ڈالدیتا ہے۔ کوئی یہ غرور نکرے کہ آج ہم سے زمانہ موافق ہے لوگ ہماری عزت کرتے ہیں۔ مال و اسباب و جائداد ہمارے پاس بہت ہے حضرت بگڑتے کچھ دیر نہیں لگتی۔ غدر سے پہلے جو خاندان دنیا پر فخر کرتے تھے اور بڑے بڑے آج کل کے نک چڑھے اُن سے ملنا فخر جانتے تھے۔ آج انسے بات کرنا ننگ جانتے ہیں۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔ رحم کرو تم پر رحم کیا جاوے گا۔

اگر یتیم مسلمان بچے کے کرسٹان ہوجانے کے عذاب میں خداوند تعالیٰ ہم سب کو پکڑے تو ہمارا کیا عذر ہے؟ جب ہی تو دن بدن تنزل اور افلاس و ذلت کے گڑھے میں ہم لوگ پڑتے جاتے ہیں۔ ترقی کے

اسباب ڈھونڈھتے ہیں۔ اسباب غضب الٰہی کا تدارک نہیں کرتے۔

دوسرا کام اس انجمن نے اپنے سر پر یہ لیا ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم اسلامی قاعدے سے کرے۔ اور پادریوں کے پنجے سے چھڑائے۔ آپ صاحب اس بلا سے واقف بھی نہیں کہ تمہارے گھروں میں کب سے گھس پڑی اور اسکے کیا بُرے بُرے نتیجے ظہور میں آئے اور خدانخواستہ اور کیا ظاہر ہونگے۔

یہ مس صاحبہ جو بھولی بھولی صورت بنائے گاڑی میں سوار آپ کے گھر پہ سینا پرونا اور لکھنا پڑھنا سکھانے نہیں آتیں بلکہ یہ کرسٹان اور آزاد بنانے آتی ہیں۔ سانپ کا ڈنک ان کی گفتار ہے۔ اگر لپٹ پڑا تو کام تمام ہوا ورنہ کچھ نہ کچھ زہر تو چڑھا ہی جاتی ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ مشن میں شریف گھروں کی کسقدر بیویاں پانچ پانچ روپیہ کے لالچ میں جاکر ڈولیوں سے اترتی ہیں۔ رستہ میں اور ہمارے آپ کے سامنے تو پردہ ہوتا ہے۔ مگر مشن میں تو سب دینی بھائیوں مجرد عیسائیوں کے سامنے نیک نیتی سے خوب کبڈی کھیلتی ہیں۔ ایک بار میرے دوست نے جو تھوڑی دیر ٹھیرا تھا۔ پچاس ڈولیاں گنی تھیں۔

ابھی تازہ قصہ ہے کہ کوئی بیوی آزادی خانم خاوند سے ناراض تھیں۔ طلاق چاہتی تھیں۔ مشن کے نان پاؤ کا مزہ چکھ چکی تھیں۔ خاوند تھا غیور چھوڑتا نہ تھا۔ مس صاحبہ سے مشورہ لیا۔ اُسنے کہا کیا بات ہے تم مشن میں چلی آؤ۔ تمہارے خاوند کی کیا مجال جو احاطہ کے اندر پاؤں بھی رکھے اور ہم پولس کو کہدینگے کہ اگر وہ آوے تو گرفتار کر لے۔ چٹی چمڑی کا تو اثر پولس پر بھی چلتا ہے۔ حکومت گھر کی ہے۔ پادر صاحب بھی حاکم ضلع کے بھائی بند ہیں۔ دبیں تو کیوں دبیں۔ آخر ایسا ہی ہوا۔ اور کبھی ایک کواری لڑکیوں کو لے بھاگیں۔ اور بہت سی شرمناک باتیں ہیں جنکا ذکر کرنا مناسب نہیں۔

اب اُن دیّوث مردوں پر لعنت ہی کہ انکی بہو بیٹیاں ڈہیر چاروں سے بغلگیر ہو کر ملتی ہیں لعنت ہے ایسی تہذیب پر خدا کی پھٹکار ہے ایسے ہنر و علم لیاقت و قابلیت پر۔ اگر غیرت ہے تو بڑی بات ہے ورنہ صاحب بہادروں سے مصافحہ کرنے اور بغلگیر ہونے میں بگڑتا ہی کیا ہے ؟

ایسے علم سے ہمارا جہل بہتر ایسے سینے پرونے سے پھوڑ رہنا بہتر۔ ذرا مونہ اور ناک پر ہاتھ پھیر تو دیکھو کہ مشنریوں کے تمہارے شہر میں کسقدر زنانہ مدرسے ہیں۔ تعلیم تعلیم خمیر بگڑ گیا ہے۔ غیرت

جاتی رہی ہے۔ ارے عورتوں کو اسقدر تعلیم کیا کافی نہیں کہ قرآن مجید پڑھکر کچھ اُردو میں مسائل سے واقف ہوجاویں۔ قدرے خانگی حساب کتاب لکھہ لیا کریں۔ انٹرنس او بی اے پاس ہوکر کیا کرینگی۔ رکتابانی نہیں گیں۔ انگریزوں کے ساتھ میز پر باتیں کریں گیں۔ بلیرڈ کھیلیں گی۔ تار آفس میں کام کرینگی۔ بمبئی کے پارسیوں سے پوچھو کہ مستورات کی تعلیم انگریزی نے کیا اثر پیدا کیا اور کیا ہورہا ہے۔ مگر بھائی وہ تو پارسی ہیں۔ پردہ شرم انکے ہاں کوئی بات نہیں۔ آپ کیا کرینگے؟

اس زمانہ میں چند بے غیرت پیدا ہوگئے ہیں۔ خوشامد سے یا از خود وہ چاہتے ہیں کہ ہماری عورتیں بھی میموں کی طرح فٹن اُڑاتی پھرا کریں۔ ہمارے ساتھ ہمارے یاروں سے ہاتھ ملائیں۔ اگر اسی کا نام تہذیب ہے تو لعنت ہے اس تہذیب اور شائستگی پر۔ انہیں کو مبارک رہے۔ مگر جن مسلمانوں کی رگوں میں ہاشمی خون دورہ کرتا ہے وہ تو کبھی اسکو گوارا نکرینگے۔

انجمن نے پادریوں کے زنانہ سکول کم کرنے کی بھی تدبیر نکالی ہے کہ اسلامی طور پر لڑکیوں کی پڑھائی کا کافی بندوبست کردیا جاوے۔ اس کام کے لیئے روپیہ درکار ہے۔ اب ایک بیچارہ مولوی محمد حسین اور اس کی نیک بیوی اپنی ذاتی کوشش سے یہ کام کررہے ہیں۔ کیا یہ کافی ہوگیا؟ ہرگز نہیں تیسرا کام نومسلموں کے ساتھ مراعات۔ یعنے بمقدور ہو تو چندے اسکے کھانے پینے رہنے کا سامان کرے۔ پھر اسکو کسی کام پر لگادیا جاوے۔ اسمیں بھی جیسا کچھہ کرنا چاہیئے تھا۔ اسکا بسبب کافی سرمایہ نہونے کے دسواں حصہ بھی کام نہیں ہوا۔

چوتھا کام جو فرض کفایہ ہے۔ اور جسکے ترک سے آج تک تمام شہر گناہگار ہورہا تھا۔ لاوارث اور متوفی مسلمانوں کی تجہیز و تکفین ہے۔

شفاخانوں میں لاوارث مسلمانوں کو یوں ہی بے غسل و کفن اور بغیر نماز جنازہ گڑھے میں ڈالدیا جاتا ہے۔ پھر کیا اسکی تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ تمام مسلمانوں پر فرض نہ تھی۔ اور اسکے ترک سے تمام شہر عالم و جاہل امیر و غریب خدائے تعالے کے گنہگار اور مورد قہر نہیں ہوتے؟ ضرور ہوتے ہیں۔ دینی کتابوں کو دیکھو۔ اور غیرت بھی کرو کہ تمہارا بھائی بے کسی کی حالت میں شفاخانے پہنچا وہاں ڈاکٹر صاحب نے اپنا تجربہ حاصل کرنے کے لیئے

مُسلمان میت کو چیر پھاڑ ڈالا۔ اور پھر سڑیل کپڑے میں بلکہ وہ بھی نہیں ہوتا کسی گڑھے میں ڈلوا دیا۔ گیدڑ کُتّے اُس کی لاش کو کھاتے اور خراب کرتے ہیں۔ اور ہم خواب خرگوش میں پڑے ہیں۔

کہاں گئی تمھاری ہمدردی اور کہاں گئی تمھاری غیرتِ آبائی۔ تمھارے بزرگ ایک مُسلمان کے خون اور بے حرمتی میں اپنے صدہا خون بہانے کو آمادہ ہو جاتے تھے۔ اور یہی وجہ انکے پھلنے پھولنے کی تھی وہ ملکوں کے مالک اور بہت سے بنی نوع انسان کے حاکم بنائے گئے۔ بیشمار دولتوں کے ڈھیر انکے پاؤں تلے ڈالدیئے گئے تھے۔ انکی عزت و شوکت کا پھریرا اقبالمندی کے پہاڑوں پر لہرایا کرتا تھا۔

اب جو تم میں انکی کوئی بھی بات نہیں تو تم پر کیوں اُس کی وہ رحمت ہو کیوں تمہاری مصیبت پر وہ دستگیری کرے۔ اور کونسی بات سے سید المرسلین شفیع المذنبین کا تم پر سایہ رہے؟ پھر تمھارے مخالف تمھیں کیوں بھیڑ بکریوں کی مانند نہ سمجھیں۔ جاگو جاگو۔ ہوشیار ہو جاؤ۔ ہماری قوم کے دو رکن تھے۔ ایک علماء و مشائخ۔ ان بزرگواروں میں بھی وہ بات نہ رہی۔ اور جو کسی میں ہے تو کم۔ آپس کی لڑائی اور ادنی ادنی اختلافی مسائل پر چھیڑ چھاڑ کے سوا اور کسی طرف توجہ نہیں۔ دوسرا رکن اُمراء تھے۔ اِن کا تو کچھ کہنا ہی نہیں۔ کوئی کل ہی سیدھی نہ رہی۔ عیاشی شہوت پرستی کمینوں اور مسخروں کی صحبت۔ گنجفہ و شطرنج کا شغل انکی گھٹی میں پڑگیا۔ کیسی قوم کی ہمدردی کیا اسلام کا پاس ہ شکل و صورت وضع و حرکات سے یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ حضرت مُسلمان ہیں یا ہندو یا عیسائی۔ یا کچھ اور۔ اور ہاں اسلام نام آبائی میراث میں اِن کی نجات اور سچا مُسلمان کہلانے اور جنت کا وارث ہونے کے لیئے کافی ہے۔

بھائیو! پہلے زمانے میں تمھارے بادشاہ تمھارے کام کر دیا کرتے تھے۔ جس لیئے تم احدی بنگئے مسجدیں بنائے تو بادشاہ مدارس بھی قائم کرے تو بادشاہ یتامیٰ کی پرورش بھی کرے تو بادشاہ علوم اسلامیہ کو قائم بھی رکھے تو بادشاہ۔ مگر اب تو بادشاہ اسلام نہیں یہ تمھارے کام کون کریگا؟ اب کرو تم۔ یہ خود کا ہی کوئی نئی بات نہیں۔ تمھارے بزرگ بھی کرتے تھے۔ صحابہ و تابعین کا زمانہ تمھیں یاد نہیں؟ وہ اپنے کام ملکر آپ کرتے تھے۔ بلکہ بادشاہ بھی وہی پیدا کر لیتے تھے۔ جیسا کہ آج کل یورپ کے ترقی یافتہ اور با اقبال قومیں کر رہی ہیں۔

بحمد اللہ ابھی مسلمان اور قوموں سے گئے گزرے نہیں۔ انہیں ہمت بھی ہے۔ سخاوت کا مادہ بھی بہت کچھ ہے۔ غیرت و شجاعت بھی ہے۔ یہ سب کچھ ہے مگر ملکر کام کرنا نہیں آتا۔ افراد متفرقہ کو جمع کر کے ایک مستحکم قوت بنانے کا عمل بھول گئے۔ اگر یہ عمل تمہارے ہاتھ آگیا۔ اور کسی معلم نے پڑھا دیا تو پھر تم وہی ہو جو تھے۔ تمھارا بگڑا ہی کیا ہے۔ مرثیہ خوانوں کی ڈراؤنی نظم اور یاس کے مرثیوں پر نہ جاؤ نہ اُن کی مبالغہ آمیز باتوں کو سنکر ہمت ہارو۔ ذرا ہاتھ پاؤں ہلاؤ۔ یہی ہمدردی اور ترقی کا میدان ہے جسکو یہ انجمن دکھلا رہی ہے۔

انجمن کا ملک اور خزانہ کیا ہے؟ چھوٹی چھوٹی چیزیں اگر مستقل ہو کر علیہیں لاؤ تو بہت کچھ ہے آٹے کی مٹھی جو ابھی چند محلّوں سے وصول ہوتی ہے کسی پر کیا مشکل ہے۔ جو آٹا گوندھتے وقت ایک مٹھی گھڑے میں اس کارِ خیر کے لیئے ڈال دی جاوے۔ یوں بھی تو بہتیرے ملنگ آتے ہیں اور سوٹے کے زور سے لیجاتے ہیں اور کیا قربانی کی کھالیں یہ بھی کوئی بڑی بات نہیں۔ اسیطرح بیاہ شادیوں میں جو سیکڑوں روپیہ فضولیات میں اُڑایا جاتا ہے اگر اسمیں سے ایک بہت چھوٹا حصہ اس کام کے لیئے معین کردیں تو انکے گناہ کا کفارہ اور قومی کام کا خاصا سہارا ہے۔ پھر میلے تماشوں نمایشوں پھول والوں کی سیر میں قرض لیکر جاتے ہیں۔ اگر فی روپیہ ایک ایک پیسہ بھی اس کارِ خیر کے لیئے جمع کریں تو بس ہے۔ عمارت بنانے والا اور بنک میں سود خوری کے لیئے روپیہ جمع کرنے والا اگر کچھ بھی اس آسمانی بنک میں جمع کردے تو کیا مرنے کے بعد اسکے کام نہ آوے؟ ضرور آئے۔ سیکڑوں لاوارث دولت چھوڑ کر مرجاتے ہیں جسکو سرکار لے لیتی ہے۔ مگر اس بدنصیب کو اتنی توفیق خدا نہیں دیتا کہ کچھ اپنے ساتھ بھی لیتا جائے۔

مگر بھائیو خدا بھی بڑا غیور ہے ہر ایک کا نہیں لیتا۔ حرام مال جو ناجائز وسائل سے پیدا کیا ہے اور اسپر غش ہے۔ سانپ کی طرح اسپر بیٹھا پہرا دے رہا ہے نہ آپ کھاوے نہ کسی کو کھانے دے۔ خدا نہیں چاہتا کہ اس مال کو اپنی راہ میں صرف ہونے دے۔ جس قوم کو خدا نیک کام میں صرف کرنے کی ہمت دیتا ہے جان لو کہ اسپر مہربان ہے۔ یہ قوم بڑھے گی۔ آپنے مصر میں مدرسہ جامع ازہر سنا ہوگا؟ جسمیں بارہ سو ۱۲۰۰ مدرس ہیں۔ اسپر اسکے اور مصارف کا اندازہ کر لیجئے۔ پھر یہ کس کی طرف سے ہے؟ عام مسلمانوں کی طرف سے۔

مرنے والے سعادتمند مسلمان اپنی جائداد میں سے ایک حصہ اسکے لیئے وقف کرجاتے ہیں۔ شدہ شدہ آب وہ ملکات ایک چھوٹی سی سلطنت ہوگئی۔ یہ مدرسہ کئی سو برس سے ہے جبکہ کیمبرج کالج کا دنیا میں نام و نشان بھی نہ تھا۔ جلال الدین سیوطی وغیرہ بڑے علما اسی مدرسے کے طلبا ہیں۔

ہائے ایک ہمارے اوقاف ہیں کہ لوگوں کے ہاتھوں میں پڑکر لاشئے ہوگئے اور ہوتے جاتے ہیں۔ خدا توفیق دے کہ ہندوستان کے مسلمان بھی جاگیں۔ آمین آمین۔

وقت بھی کم ہے اور میں تیار ہوکر بھی نہیں آیا۔ دل میں تو بہت کچھ تھا کہ کہوں مگر پھر کبھی سہی والسلام

غزل طبعزاد منشی محمد کرم اللہ خاں صاحب ممبر کارکن و مہتمم یتیمخانہ انجمن

حضرت صدر انجمن! سلسلہ کارروائی جلسہ میں بزمرہ شعرا مجھے وقت نہیں دیا گیا تھا۔ اسواسطے میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں کہ میں نے جو چند شعر کہے ہیں وہ آپکے سامنے پڑھ دوں۔ میں شاعر نہیں ہوں یتیموں کی حالت نے جو کچھ میرے دل پر اثر کیا تھا وہ بے ساختہ موزوں ہوگیا ہے۔ ادائے مطالب مقصود ہے تکلفات شاعری سے غرض نہیں ہے

ذرا تو نرماؤ دلکو پیارو یتیم بچے بلک رہے ہیں
اٹھا لو گودوں میں انکو پیارو تمہارے مونہ کو یہ تک رہے ہیں

لگا لو چھاتی سے اپنی لیکر بٹھا لو ان کو دلوں کے اندر
یہ ننھے ننھے سے ہاتھ تمپر اٹھا اٹھا کر چمک رہے ہیں

نہ دست بازو میں انکے قوت نہ دوسروں سے امید شفقت
پدر کی الفت نہ ماں کی چاہت ادھر میں گو یا لٹک رہے ہیں

عدوئے دین انکی تاک میں ہیں ہمیشہ فکر ہلاک میں ہیں
بچاؤ انکو کہ راہ ان کی بہت سے قزاق تک رہے ہیں

جہاں میں تو آم ہے رنج و رحمت نہیں خزاں کی کوئی ٹھکانا
چھنے ہیں غیروں نے پھول اپنے یہ لبین کانٹے کھٹک رہے ہیں

ہمارے دامن میں جو ہیں گوہر وہ ایسے ہمکو ہوئے ہیں دوبھر
ہم اپنے دامن جھٹک رہے ہیں رقیب انکو لپک رہے ہیں

یہ عرش اسلام کے ستارے تمہارے پیارے نبی کے پیارے
ڈرو خدا سے کہ یوں بچارے بلک رہے ہیں سسک رہے ہیں

ہے باغ اسلام یوں ہی ویراں اور اسپہ تمکو ہیں یہ غضب ہیاں
کھلیں ہیں قسمت سے کچھ جو کلیاں انھیں بھی ظالم چٹک رہے ہیں

یتیم خانہ میں کوئی دیکھے کہ بچے کرتے ہیں کیا تماشے
یہ بولتے ہیں کچھ اسطرح سے کہ جیسے بلبل چہک رہے ہیں

فللہ الحمد کچھ مسلماں ہیں ایسے سرگرم محنتوں میں
کہ مثل گوہر جبیں سے انکے عرق کے قطرے ٹپک رہے ہیں

مسافروں کے ہیں رنگ فق فق جہاں ہے تاریک دشت لق دق
نہ راحلہ ہے نہ زاد مطلق بغیر رہبر بھٹک رہے ہیں

کچھ ایسے مجبور ہو گئے ہیں فلک کے ہاتھوں سے اب مسلماں
جو کر سکیں اُف بھی کیا یہ طاقت سر انکو دے دے کے پٹک رہے ہیں

کہا یہ رو کر کسی نے قصہ یہی ہے اسلام کا بھی نقشہ
کہ شیر بن میں پڑا ہے مردہ اور اسپہ گیدڑ بھبک رہے ہیں

گذر گئی ہیں مصیبتیں گو نہ بھولو لیکن یہ سہل تھیں وہ
اب آنے والی ہیں آفتیں جو کلیجے اُن سے دھڑک رہے ہیں

یتیم بچوں کا ایک شیدا بیان کرتا ہے اُن کا دکھڑا
رواں ہے آنکھوں سے اسکی دریا سرشک ٹپ ٹپ ٹپک رہے ہیں

قصیدہ از نتائج افکار یکے از ممبران کارکن انجمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے ہمارے کارساز۔! اور اے ہمارے کبریا!
کر ہماری کوششوں کو مستقل۔ اور بے ریا

باغ جو ہم نے لگایا ہے۔ اُسے سرسبز کر
فضل سے اپنے بہارستان بستاں کر دکھا

پھل چکھا اس بوستاں کے۔ اپنے بندوں کو ضرور
باغباں تو ہے۔ کریں پھر کس سے ہم یہ التجا

چور بیٹھے ہیں پس دیوار۔ ہر دم منتظر
اور ہماری غفلتیں۔ اک دو نہیں۔ بے انتہا

بستر راحت پہ۔ گھوڑے بیچ کر سوتے ہیں ہم
تاک میں بیٹھے ہیں سارق۔ روز و شب صبح و مسا

شرم سے آنکھیں جھکا کر۔ اب تو یہ کہتے ہیں ہم
اس گلستاں کے گلوں کا۔ تو نگہباں ہے خدا!

لوگ کہتے ہیں۔ صراحت سے کنایت ہے بلیغ
اضطراب دل۔ نہیں اس مسئلے کو مانتا

وہ یہ کہتا ہے۔ کہ درد دل۔ کہو اسطرح سے
جو زباں سے نکلے۔ اور دل میں کرے۔ ہر اک کے جا

بس یہ بہتر ہے۔ کہ ہم اس چیستاں کو چھوڑ دیں
اب سنائیں درد دل۔ سب صاحبوں کو۔ برملا

حفظ ملت کی۔ اگر کچھ بھی حکایت تم میں ہے
اور رگوں میں جوش کھاتا۔ خون ہے ناموس کا

اپنے بچوں کو بچاؤ غیر کے ہاتھوں سے تم
لڑکیوں کے واسطے کھولو مدارس جابجا

وہ گلستان محمدؐ ہے۔ جنہیں گل بے شمار
اور دامن۔ خار دین عیسوی سے لیں بچا

پودے ہوں اسلام کے۔ قلمیں لگائیں پادری — جامۂ زربفت پر پیوند ہو تو زیب کا
ایسی حالت میں بھی تم۔ خاموش بیٹھے مونہہ تکو — سر جھکا لوگے۔ خدا کے سامنے بولوگے کیا؟
ہاں تدارک تمکو کرنا ہے۔ تو پہلے سے کرو — پانی چڑھ آیا اگر۔ پھر روکنے سے فائدہ؟
تاک میں اسلام کی۔ تھے مدتوں سے مدعی — روز باغِ سبز دکھلاتے تھے۔ ہمکو اک نیا
مونہہ دکھایا۔ کامیابی نے۔ انھیں عرصہ کے بعد — آڑ میں تعلیم کی۔ بس کام اپنا کرلیا
لڑکیوں کے واسطے۔ اسکول جاری کردیئے — اور یتیموں کو ہمارے۔ گود میں اپنی لیا
سچ اگر پوچھیں؟ تو تم کو صاف کہنا چاہیئے — اس سے ابِ خشک پر۔ پانی کا دھوکا ہوگیا
جب یہ دہلی کے مسلمانوں نے۔ دیکھا حالِ قوم — چند اہلِ درد نے۔ کی مجلسِ شوریٰ بپا
تاکہ بچے مومنوں کے۔ دینِ باطل سے بچیں — ڈال دی اس وجہ سے دارالیتٰمیٰ کی بنا
جبکہ لڑکے اس طرح سے پرورش پانے لگے — لڑکیوں کے بھی پڑھانے کا نکالا سلسلہ
اے مسلمانو! ذرا ہمت کو تم فرماؤ کام — کام ہمت سے ہوا کرتا ہے دنیا میں سدا
گر کیا ہے کام۔ تو پہنچاؤ اس کو اوج پر — سب کا ہے یہ فرض اس میں اغنیا ہوں یا گدا

اے خدا کے پاک بندے۔ اے رسولِ ذوالجلال — تیری امت پر مصیبت کا پہاڑ ایسا گرا
امتِ مرحوم اس کا بوجھ اُٹھا سکتی نہیں — سخت حیراں ہے کہ لے اس درد کی کس سے دوا
چار سُو مایوس نظریں ڈالتی ہے روز و شب — پر نہیں پاتی کہیں۔ اپنے مسیحا کا پتا
اے مسیحا اپنے بیماروں کی آکر لے خبر — جن کو راس آئی نہیں ہے ہند کی آب و ہوا
جب سے ہندوستاں میں آئے ہیں وطن کو چھوڑ کر — کاہلی اور پھوٹ کے امراض میں ہیں مبتلا
گو تسلی دی انھیں یاں کے طبیبوں نے۔ مگر — کون کرسکتا ہے اب اُن کی دوا تیرے سوا

اے محمدؐ از دل و جاں من فدایت میشوم
ابسط الایدی لنا فی کل حین للدعا

مثنوی از نتائج افکار ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خاں صاحب ذبیح دہلوی

ستائشِ شہنشاہِ ہر دوسرا
نہیں جس کا ثانی کوئی دوسرا

و نعتِ رسولِ خدائے کریم
کہ جو تھا یتیم اور محبِ یتیم

وہ یعنی محمد علیہ الصلوٰۃ
ازل میں جو تھا سببِ کائنات

ہوا بود سے جس کی کل کا وجود
کروڑوں سلام اُسپہ لاکھوں درود

اور اُس پر کہ جو اُس کی اولاد ہے
جہاں جس کی برکت سے آباد ہے

اور اصحاب پر بھی ہزاروں سلام
بنا جن سے اسلام دار السلام

وہ اصحاب جو والہٗ آل تھے
بناسئے ہوئے حالِ ما قال تھے

وہ اصحاب جنکی ظفر دست بوس
وہ اصحاب جن کی اذاں صوت کوس

وہ اصحاب جن کے قیام و قعود
قواعد پئے خوف قومِ حسود

وہ اصحاب جو ہادیئے قوم تھے
وہ اصحاب جو عادیئے صوم تھے

یتیموں کی کرتے تھے وہ پرورش
ز نقد و مکان و لباس و خورش

انھیں کی اعانت میں سرگرم تھے
بظاہر بڑے سخت پر نرم تھے

فقیری میں بھی اُن کا اک وقر تھا
کہ الفقر فخری کا یہ فقر تھا

برستا تھا صورت سے گو قہر سا
ٹپکتا تھا سیرت سے پر قند سا

بلا مشورہ کچھ نہ کرتے تھے کام
عوام اُن میں ہوتے کہ ہوتے امام

بڑے کو نہ چھوٹے پہ ترجیح تھی
ہر اک بات میں اُسکی تفصیح تھی

ہر اک اُن میں حامی تھا ہر ایک کا
تنہا ایک تھا مردمِ نیک کا

وہ ایکا ترقی کا باعث ہوا
کہ ہر ایک ملکوں کا وارث ہوا

کیا کام ایکے نے تلوار کا
ہوا نام لاکھوں میں دو چار کا

عجب ایک دم تھا دمِ چار یار
کہ ہر اک تھا اک جان قالب ہزار

وہ تدبیر جو اصل میں عقل تھی — انہیں میں تھی اوروں میں اک نقل تھی
یہ سب کچھ تھا اک جلوۂ اتفاق — مگر حیف ہمسکو ہوا وہ ہی شاق
عروس نفاق اب تو ہر گھر میں ہے — اسی کا ہی سودا ہر اک سر میں ہے
فقط مخرب دیں نہیں یہ عروس — ہلاکو بھی جانو برائے نفوس
وہ نیرنگ ساز اس کی ہوتی ہے بزم — اٹھے جی میں بیٹھے ہوئے عزم رزم
عداوت قضا خیز اک ناز ہے — حسد فتنہ انگیز انداز ہے
ادا بخل ہے اور غمزہ غضب — کرشمہ ہے کینہ سب بے سبب
جہالت اشارہ ضلالت ہے غنج — کدورت کنایہ ہے ایما ہے رنج
مگر شکل سے ہے بلا سے وہ دلفریب — مسلمان کھوتے ہیں صبر و شکیب
اسی کی وفا پر مسلماں ہیں غش — اسی کی جفا پر مسلماں ہیں خوش
ہٹے اس کی بانازرفتار پر — مٹے اس کی ناساز گفتار پر
اسی کے سبب کھوئی اب سلطنت — اسی کے سبب کھوئی سب مکنت
وہ جرأت وہ ہمت وہ سطوت کہاں — شجاعت بسالت بطالت کہاں
وہ دولت وہ صولت وہ شوکت گئی — وہ عزت وہ ثروت وہ حشمت گئی
مزا دے گیا اُن کو عشق نفاق — سزا دے گیا انکو عشق نفاق
کہ اب مفلسی سے ہم آغوش ہیں — نرے فاقہ مستی سے مدہوش ہیں
جو مخدوم تھے اب وہ خادم بنے — جو محکوم تھے اب وہ حاکم بنے
کرو اتفاق اب بھی مل کر تمام — کہ ادبار کا تاکہ ہو اختتام
یتیموں کی امداد تم بھی کرو — یتیموں کو کچھ شاد تم بھی کرو
فلاکت صعوبت تمہاری ٹلے — اس ادبار کا بوجھ بھاری ٹلے
جو مل جل کے تم میں سے شاداں رہے — ذبیح حزیں اُس پہ قرباں رہے

ترکیب بند رقم زدہ سید وحید الدین احمد صاحب بیخود

جناب صدر انجمن و دیگر معزز حاضرین۔ نہایت ادب کے ساتھ ملتمس ہوں کہ آپ صاحب میری اس بیجا باجرأت کو معاف فرمائینگے۔ یہ پہلا ہی موقع ہے جو میں ایک ایسے بڑے قومی جلسہ میں اپنی ناچیز نظم سنانے کی مبادرت کرتا ہوں۔ مجکو نہ شاعری کا دعوے اور نہ میں نے یہ نظم داد چاہنے کی غرض سے لکھی جس خالص اور پاک نیت کے ساتھ آپ سب گام فرسا ہو کر یہاں تشریف لائے ہیں اُسی نے مجھے بھی یہ چند بند مختلف مضامین کے مرتب کرا دئیے ہیں۔ ان کا مقصد اسکے سوا اور کچھ نہیں کہ اہل اسلام کا آجکل بیکسی و درماندہ ہونا آپ پر ظاہر ہو۔ اور اس انجمن مؤید الاسلام نے جن ضروری اور نیک کاموں کی انجام دہی کے لیئے کمر ہمت باندھی ہے اُنکی طرف آپ صاحبوں کو رغبت دلائی جائے۔ جناب باری عز اسمہٗ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ آج انجمن اپنی عمر کے تیسرے سال میں قدم رکھتی ہے۔ میں اپنی نظم کی پوری داد اسکو سمجھونگا اگر میری یہ نظم آپ صاحبوں میں سے ایک کو بھی پوری ایمانی خوشی سے بھر دے اور وہ تصمیم کے ساتھ آیندہ سال میں اس نیک کام کا حامی بنجائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ اسلام گھر جسکا بیت کہن ہے ‏— وہ اسلام جسکا مدینہ وطن ہے
وہ اسلام فتنے مٹاتا رہا جو ‏— وہ پامال شر و فساد و فتن ہے
وہ اسلام جو دوست تھا دشمنوں کا ‏— اب اُس کا مخالف یہ چرخ کہن ہے
وہ گلزار عالم تھا جس سے معطر ‏— سموم حوادث سے اُجڑا چمن ہے
بلاؤں کو کرتا تھا جو دور سب کی ‏— وہ خود مبتلائے بلاؤ محن ہے
تھے سب رفیق اور غمخوار اُس کے ‏— فقط ایک حسرت ہی سایہ فگن ہے
نہیں کوئی بھی سرپرست اسکا باقی ‏— یتیم اب جہاں میں وہ دُرِ عدن ہے
بہت سی بلاؤں کے ہیں وار اُسپر ‏— زمانے کے ہاتھوں سے وہ خستہ تن ہے
کرے گر فلک کر رہا ہے بُرائی ‏— کہ یہ تو ہمیشہ سے اس کا چلن ہے

کدھر ہیں ہوا خواہ اسلام آئیں
کہ اِس وقت تاریک میں کام آئیں

دلوں کو اُمیدوں سے مسرور رکھو
نفاق و عداوت کو بس دور رکھو

وہ ایکا جو اسلام میں تھا ہمیشہ
اُس ایکے کو جاری بدستور رکھو

مٹاؤ نہ آپس میں رسمِ تعلق
فسادوں کے شعلے کو کافور رکھو

کدورت یہ آپس کی اچھی نہیں ہے
دلوں کو صفائی سے پرنور رکھو

رولاتی ہے خوں دل کو بچوں کی حالت
کلیجہ میں اِس غم سے ناسور رکھو

تمھارے ہیں یہ لاج ہے اِن کی ہمکو
انھیں ہر طرح شاد و مسرور رکھو

مٹاؤ نہ اِن کی محبت دلوں سے
دلوں کو محبت سے معمور رکھو

انھیں کے رہو کام میں رات دن تم
انھیں کا شب و روز مذکور رکھو

کرو تم یتیمے کا اکرام دل سے
یتیموں کے دشمن کو مقہور رکھو

اِسی میں رضائے خدا و نبیؐ ہے
رسوؐل و خدا کی اِسی میں خوشی ہے

جولاوارث آتے تھے معصوم اکثر
تو یہ پادری اُن یتیموں کو لیکر

کرسچن بناتے تھے اسلامیوں کو
بہانہ تھا اک پرورش کا مقرر

کیا انسداد اس کا اس انجمن نے
مُسلمان بچوں کا حق تھا یہ ہمپر

لیئے ہمنے سرکار سے کہکے بچے
بڑی کوششیں کرکے بدلا مقدر

بہت سی کھکیڑیں اٹھا کر ہولے
زمانہ مددگار و تقدیر یاور

بڑے جادوں سے مسخر ہوے دل
ہوا کارگر عاقبت اپنا منتر

کرو شکر دل سے تم اِس انجمن کا
ملے گا کوئی تمکو ایسا نہ رہبر

ترقی جو اسلام کی چاہتے ہیں
کریں اس کی امداد سب بھائی ملکر

توقع ہے حق سے علی اکبر غضنفر دشمن ۔ یہ پودا ہو آخر کو نخل تناور

مراد اپنے دل کی ہے بر آنے والی
دعائیں یہ خالی نہیں جانے والی

یہ ہر سو خوشی کی نوید آج کل ہے ۔ یتیموں کے بھی گھر میں عید آج کل ہے
بہت مدتوں سے تمنا تھی جس کی ۔ وہ ساعت وہ وقت سعید آج کل ہے
ادا شکر تم محسنوں کا کرو اب ۔ یہ بچوں میں گفت و شنید آج کل ہے
اُمید کرم میں ہیں دل شاد ایسے ۔ لبوں پر لدینا مزید آج کل ہے
شریک انجمن میں اگر ہوں نہ آکر ۔ مہمان دیں سے بعید آج کل ہے
ترستی تھیں یہ آنکھیں جنھیں دیکھنے کو ۔ میسر ہمیں انکی دید آج کل ہے
ہوا ختم یہ دوسرا سال بھی اب ۔ شروع اور سال جدید آج کل ہے
تنزل کے آثار مٹتے چلے ہیں ۔ ترقی کی سب کو اُمید آج کل ہے
تفوق نہیں ہے کسی پر کسی کو ۔ کہ ہر شخص ہم میں وحید آج کل ہے

یہ مل کر مسلماں جو بیٹھے ہیں باہم
رکھے اسکو قائم خداوند عالم

بسوں کا شریفوں کے گھر میں گزر ہے ۔ وہ تعلیم ایماں کا جسمیں خطر ہے
نکلتے ہیں رخنے ہمارے چلن میں ۔ کہ شرم و حیا سے تو قطع نظر ہے
یہ کہنا کہ پردے کی یہ رسم کیا ہے ۔ بس آزادگی میں مزا ہے اگر ہے
وہ راہیں بتانی وہ باتیں سجھانی ۔ کہ جن میں اک آوارگی کا اثر ہے
بہت سے گھرانے کے چلن سے بنے ہیں ۔ سمجھتے ہیں ناداں اسی میں مفر ہے
یہیں واقعات ایسے گزرے ہیں اکثر ۔ کہ جن سے زمانہ ابھی بے خبر ہے
حذر چاہیئے ایسی تعلیم بد سے ۔ کہ ایمان و عصمت کا جسمیں ضرر ہے

بہت چکنی چپڑی ہیں دیکھتیں باتیں — بہت سے دلوں کے پھسلنے کا ڈر ہے
بہت سو چکے غافلو اب تو جاگو — قیامت کی اک آنے والی سحر ہے

ذرا ان کی گھاتوں سے ہشیار رہنا
خبردار رہنا! خبردار رہنا!

کہیں تم سے کیا اُن غریبوں کی حالت — شفاخانوں میں جن کی ہوتی تھی رحلت
نہ ہوتا تھا پاس اُنکے بھائی نہ بیٹا — عجب بیکسی سے وہ ہوتے تھے رخصت
اُٹھاتے تھے ٹھیلوں پہ حمّال اُن کو — مسلمان میت کی ہوتی تھی یہ گت
یونہیں داب دیتے تھے لیجاکے اُن کو — نہ غسل و کفن تھا میسّر نہ تُربت
نہ دیکھی گئی آخر اس انجمن سے — مسلمان بھائی کی ایسی فضیحت
ہوئی اُن کے لینے کی تدبیر آخر — ملی اُن کی گور و کفن کی اجازت
اٹھایا کریں گے اب اُن کو مسلماں — سدھاریں گے مسکین جو سوئے جنت ؎
غرض ہے فقط ایک اس انجمن کی — کہ اسلام کی ہر طرح ہو اعانت

جو غمخوار قومی نہ دو چار ہوتے
تو سب مظلمہ میں گرفتار ہوتے

دعا میں ہماری اثر دے الٰہی — یتیموں کا دل شاد کر دے الٰہی
کہ اس قوم مفلس کی حاجت روائی — تمنا کے دامن کو بھر دے الٰہی
ہمیشہ رہے قوم کا داغ جس میں — زمانے کو ایسا جگر دے الٰہی
زباں تک نہ حرفِ سوال آنے پائے — طلب ہے ہمیں بیشتر دے الٰہی
رہیں انجمن کے نہ محتاج پھر یہ — یتیموں کو علم و ہنر دے الٰہی
نہیں رحم آتا یتیموں پہ جنکو — ہماری سی اُن کو نظر دے الٰہی
کریں جو یتیموں کی خدمت میں کوشش — انھیں باغ جنت میں گھر دے الٰہی

؎ کیا ہے جو یہ کام اس انجمن نے ٭ اسی کا تو ہے نام قومی حمیت ٭

دعا پر سخن ختم کرتا ہے بیخود — دعا کو جگہ عرش پر دے الٰہی
وہ دینا پڑے تجھکو مانگوں جو تجھسے — کچھ ایسا زباں میں اثر دے الٰہی

زمانہ کی جب تک ہے بنیاد یارب
رہے انجمن شاد و آباد یارب

نظم۔ سرآمد شاعرانِ زمان جناب مولوی محمد عبدالرحمن صاحب راسخ دہلوی

مخمس حمد و نعت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلوت میں ہے جو عیاں وہ تو ہے — خلوت میں ہے جو نہاں وہ تو ہے
ہر نقش میں ہے تری نشانی — جس کا نہیں کچھ نشاں وہ تو ہے
بے حرف و زباں بتائے جس نے — صد معنیٔ کُن۔ فکاں وہ تو ہے
کیونکہ نہ ہو جان سب کو پیاری — ہے جسپہ گمانِ جاں وہ تو ہے
کہنے کی ہے بات۔ لامکانی — ہے وہ جو جہاں تہاں وہ تو ہے
یہ بھید بھی جان دے کے جانا — کہئے جسے جانستاں وہ تو ہے
دی تو نے زباں کو طاقتِ حمد — بخشی جس نے زباں وہ تو ہے

ہر جان میں دل میں رگ میں ہے تو
عالم سے نہاں ہے جگ میں ہے تو

گلشن میں ہے گل۔ تو گل میں ہے بُو — عالم میں چمن۔ چمن میں ہے جُو
گردن میں رہا تو ہار بن کر — گر سر پہ چڑھا تو ہو کے گیسو
ہے دل میں نہاں تو طاقتِ دل — گر ہاتھ میں ہے تو زورِ بازُو
پہلو میں کسک۔ کسک میں لذت — پتلی میں نظر۔ نظر میں جادو
روئے تو نقاب برکشادہ — صد برق زدہ بعالمِ ہُو

ہر چار طرف تو ہی تو ہو	گر چاک ہو پردۂ من و تو
دستِ موسیٰ ! دمِ مسیحا !!	بارے تو نے ہزار پہلو

ہر روز نئی ہے شان تیری
ہر آن جدا ہے آن تیری

پنہاں ہے نظر سے تیری حکمت	وحدت سے عیاں ہوئی جو کثرت
کثرت نے کیا خلاف۔ باہم	ہر قوم نے لی جدید ملت
معبود بنا لیئے بہت سے	بدعت ہوئی شرک۔ شرک بدعت
محکوم تھا کوئی نفس پا کا	شیطان نے کی کسی کی درگت
جب پھیل گیا۔ جہاں میں عصیاں	بے پردہ ہوئی گنہ کی صورت
دنیا میں نبیؐ وہ تو نے بھیجا	تھی رحمتِ عام جس کی بعثت
وہ فخرِ رسل۔ وہ ہادیٔ کل	وہ صاحبِ مصحف و شریعت

در دیدہ کشم غبارِ راہش
جانِ من و تو نثارِ راہش

معجزۂ رسالت

پھر ملتِ حق نے پائی رونق	قَدْ جَآءَ رَسُوْلُنَا مَعَ الْحَق
ہر علم کو وہ علاقہ جس سے	مصدر سے ہے جو نظام مشتق
تعلیم وہ دی کہ جس کے ہوتے	تعلیمِ زمانہ۔ جہلِ مطلق
وہ بات بتائی سب کے باعث	بوزید پہ۔ طعنہ زن ہے احمق
ہمت کے قدم سے کر دئے طے	میدان بڑے بڑے لق و دق
انگلی سے ہوا قمر۔ دو پارہ	کفار کا سینہ ہو گیا شق
سیدھی وہ بتائی چال ہم کو	ہو جس سے وزیر چلکے بیذق

ہر کام کو نیک کر دیا تھا

اسلام کو ایک کردیا تھا

تثلیث کو کردیا تھا چورنگ
تھا قافیہ بُت پرستوں کا تنگ
توحید کے ساز نے کیا کام
بے رود و رباب و بربط و چنگ
لینے کے لیئے حقوق باری
کُفار سے تھی ٹھنی ہوئی جنگ
تعلیم ازل کے سامنے تھا
تقویم قدیم نقش اثر رنگ
سب نار مجوس ہوگئی سرد
توحید ہوئی وہ گرم آہنگ
کعبے کے بتوں کو توڑ پھینکا
پاسنگ بنے وہ پارۂ سنگ
جب دیں کا سبق پڑھادیا سب
دنیا کے سکھائے بیشتر ڈھنگ

ابوابِ فلاح سب پڑھائے
اسبابِ صلاح سب بتائے

چمکایا جہاں میں مہر توحید
عالم سے مٹائی رسم تقلید
در زیر فلک فنا و تکبیر
سر ہے کہ ملک بگوش نشنید
چون دادہ خبر ز بود و نابود
بر سنگ شکست جام جمشید
سربستہ کھلا ۔ خُم حقیقت
خمخانۂ حق میں ہوگئی عید
باطل کا جہاں سے کھو دیا کھوج
تبلیغ نے کی وہ حق کی تائید
ہادی کا پیام ۔ کیوں نہ ہوتا
بندوں کے لیئے نوید جاوید
پیغام ہی تھا شنیدنی وہ
تعلیم ہی تھی وہ قابلِ دید

شد چرخ ز نور صبح خنداں
انگشت تحیّر ے بہ دنداں

جب ملتِ حق ہوئی مکمّل
مجراہی کے سب نکل گئے بل
آساں ہوا نکتۂ حقیقت
تھا ایک پہاڑ تِل کی اوجھل

عُزّیٰ نے شکست فاش کھائی ۔ عزّت سے بندھا ہمارا ذنگل
آباد ہوا وہ آخر آخر ۔ جو گھر کہ بنا تھا۔ اوّل اوّل
پوری ہوئیں نعمتیں خدا کی ۔ ہر مسئلہ ہو چکا مدلّل
بندوں پہ ہوئی تمام حجت ۔ اَکمَلتُ لَکُم ہوا منزّل
تبلیغ کا فرض ادا ہوا جب ۔ دنیا سے اُٹھا نبیؐ مرسل

پر چھوڑ کے وہ رہنما ہمارے
تھے سارے جو چرخ دیں کے تارے

وہ حرف غلط مٹانے والے ۔ بنیاد بتوں کی ڈھانے والے
پروانہ ہے جس کا سورۂ نور ۔ اُس شمع سے لو لگانے والے
اسلام کا اُن سے بول بالا ۔ یہ بیل منڈھے چڑھانے والے
تاثیر بیاں سے دم کے دم میں ۔ جنت دوزخ۔ دکھانے والے
گمراہوں کو منزلِ جناں کا ۔ سیدھا رستہ بتلانے والے
احکام خدا کے سامنے سب ۔ جھکنے والے جھکانے والے
ہر علم و ہنر کو جان دے کر ۔ سینے کی طرح جلانے والے

اسلام کا دھیان رکھتے تھے وہ
اس نام کا مان۔ رکھتے تھے وہ

اُن سب میں تھے نیکیوں کے جوہر ۔ سینوں میں ازل کے راز مضمر
وعدوں میں وفا۔ وفا میں احساں ۔ قابو میں زباں۔ زباں میں شکر
آنکھوں میں حیا۔ حیا میں۔ خوبی ۔ محشر پہ نظر۔ نظر میں محشر
عادت میں کرم۔ کرم میں اخفا ۔ باتوں میں اثر۔ اثر میں منتر
آفات میں صبر۔ صبر میں شکر ۔ طاعات میں سجدہ سجدے میں سر

اسلام میں دل ۔ دلوں میں اسلام
طاعت میں اُمید ۔ اُمید میں ڈر
ہمت میں سخا ۔ سخا میں ہمت
ہمیان میں ہاتھ ۔ ہاتھ میں زر

فطرت میں ہنر ۔ ہنر میں دولت
ہمت میں کرم ۔ کرم میں ہمت

مصروف تھے سب ہدایتوں میں
ہر لحظہ تھا دھیان آیتوں میں
تنقیح عمل ۔ مباحثوں میں
تصحیح خلل ۔ روایتوں میں
شورائے پہ نظم جماعتوں کی
عبرت پہ نگہ ۔ حکایتوں میں
اوصاف ہدے جبلتوں میں
الطاف خدا ۔ عنایتوں میں
تیور سے عیاں حمیتِ دیں
جس دین کی تھے حمایتوں میں
مقبول وہ سب ۔ فراستوں میں
منقول وہ سب درایتوں میں
جب حجتِ دینِ حق مفصل
پہنچی ساتوں ولایتوں میں

یوں رہبرِ دین سب ہمارے
جس طرح کہ صبح کے ستارے

زمانۂ حکومت

اسلام میں پھر حکومت آئی
باندھے ہوئے ہاتھ دولت آئی
جس ساعتِ نیک کا یقین تھا
صد شکر وہ نیک ساعت آئی
اسلامیوں میں ۔ شہنشہی کی
نقارہ بجا کے نوبت آئی
مفتوح ہوئے ممالکِ غیر
بازو میں ہمارے قوت آئی
حرفت نے نرالے ڈھنگ سیکھے
صنعت کو انوکھی حرفت آئی
وہ عہد تمام ہو چکا جب
صد حیف عجب مصیبت آئی
لوگوں سے لحاظ شرع چھوٹا
اک حشر ہوا ۔ قیامت آئی

سب دینِ ہدیٰ کو چھوڑ بیٹھے

پیمانِ خدا کو توڑ بیٹھے

اخلاقی

بگڑی ہے بہت ہماری حالت
ہے جہل پہ ناز۔ ناز میں کبر
بدیوں میں ہے دھیان۔ دھیان میں بد
کینے میں ہے دل۔ تو دل میں کینہ
کوشش میں خطا۔ خطا میں کوشش
نقصاں میں کرم۔ کرم میں نقصاں
للعاقل تکتفی الاشارۃ

اِنّا لِلّٰہ۔ یہ مصیبت
سُستی میں عُجب۔ عُجب میں غفلت
نیّت میں طمع۔ طمع میں نیّت
نظروں میں گنہ۔ گنہ میں لذّت
باتوں میں خودی۔ خودی میں عزّت
ہمت میں کمی۔ کمی میں دولت
رکھتا ہے کسی کا قول شہرت

دولت ہمہ ز اتفاق خیزد
بے دولتی از نفاق خیزد

نتیجۂ اتفاق

گر مدِّ نظر ہے عزّ و تمکیں
محبوب ہے گر وقارِ دنیا
دلخواہ اگر ہے نیک نامی
گر چاہیئے رفعِ آفتِ بد
آتا ہے اگر خیالِ آرام
لو آؤ بتا دیں ڈیڑھ انچھر
سب مِلکے دعا کرو۔ کہ یارب

منظور اگر ہے۔ نیک آئیں
مطلوب ہے گر طریقۂ دیں
دلچسپ۔ اگر ہے شورِ تحسیں
گر چاہیئے دفعِ غیرِ بے دیں
بھاتا ہے اگر کہ ہوں نہ غمگیں
اُستادِ ازل کی ہے یہ تلقیں
اٰمین اٰمین ثُمّ اٰمیں

کاموں کو ہمارے نیک کردے
ہم سب کے دلوں کو ایک کردے

[illegible]

سینوں میں ہمارے ہے دفینہ
جہل و غضب و دروغ و نخوت

کبر و حسد و نفاق و کینہ
ہیں جمع خصائلِ کمینہ

مضمونِ نفاقِ باہمی سے
طاعات و معاملات سارے
یوں حرفِ نفاق نقشِ دل ہے
تدبیر ہے گھر کی - خانہ جنگی
طوفاں ہے مصیبتوں کا برپا

رستم کا ہے جنگ نامہ سینہ
صد حیف ہوئے ہیں بے قرینہ
جس طرح انگوٹھی میں نگینہ
لڑتا ہے سیاستِ مدینہ
ڈوبا جاتا ہے اب سفینہ

اسلام کی ناؤ کو سنبھالو
گردابِ نفاق سے نکالو

اعانتِ اسلام

کچھ ہوش و خرد سے کام لو تم
احسان کرو - جہاں پر احسان
مسکین کو دو غریب کو دو
بچوں کو سکھاؤ نیک باتیں
اسلام یہ کہہ رہا ہے تم سے
تم پہ یہ ستم - کہ دوستوں کا
ہے کون سی قوم تم سے پیچھے

یہ ڈوبتی ناؤ تھام لو تم
بے دام ہے یہ غلام - لو تم
اللہ سے اجرِ تام لو تم
تعلیم کا اہتمام لو تم
دشمن سے نہ انتقام لو تم
سو ناز سے اک سلام لو تم
کچھ بولو! بتاؤ!! نام لو تم!!!

سنبھاؤ - چلو - ملاپ کر لو
لو اپنی مدد تم آپ کر لو

یتیم کی فریاد

ہے ہے یہ غضب یتیم - لڑکے
گھٹنے دیئے پیٹ میں پڑے ہیں
ماں صبح کرے تڑپ تڑپ کر
روتی رہے آٹھ آٹھ آنسو
کھنڈلا سا مکاں ہو - ٹوٹا پھوٹا

دن شب کو دعائیں بھوک سے پڑ کے
دکھیاری بہن سے لڑ جھگڑ کے
دونوں ہاتھوں سے دل پکڑ کے
قسمت سے لڑے بگڑ بگڑ کے
ٹپکے کا ہو ڈر تو چھت کے دھڑکے

آنسو ہو فقط چراغ کا تیل — بجلی چمکے کہ ابر کڑکے
